www.kitabmart.in

Haji Dawood Nasir Library
M. Syed Mohd
Dehlavi
KARACHI-18.

مسائل دینی

مصنفہ

حضرت سید العلماء مولانا السید علی نقی النقوی
مجتہد العصر مدظلہ

مکتبۃ العلوم
کراچی

www.kitabmart.in

امامیہ مشن کے خدمات کا نمبر (۹۶)

مسائل و دلائل

توہمات "آئینہ حقیقت" کو داغدار بنانے کی کوشش جاری رکھتے ہوئے "متشابہات" "بینات" "بین آیات" اور "محکم آیات" سب ہی کا سہارا لیتے ہیں مگر تحقیق کی نگاہ تمام غلط توہمات کا قلع قمع کر دینے کے لیے کافی ہے۔

سرکار سید العلماء دام ظلہ نے موجودہ رسالہ میں اُن تمام شبہات یا سوالات کا جواب دیا ہے جو اس سلسلہ میں پیش ہوتے ہیں۔

امید ہے کہ اہل نظر اس رسالہ کا جو "عقل اور مذہب" کے سلسلہ کی ایک کڑی ہے بغور مطالعہ فرمائیں گے والسلام

خادم ملت

سکریٹری امامیہ مشن نخاس لکھنؤ

ربیع الاول ۱۳۶۳ھ

www.kitabmart.in

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وبہ الحمد

"عقل اور مذہب" نے بہت سی حقیقتوں کو ایسا نمایاں کیا کہ سوال و اعتراض کے ذہن میں قفل پڑ گیا اور مزید بحث کی گنجائش باقی نہ رہی ناچار اُن باتوں کو چھوڑ کر مزید نئے سوالات سامنے آئے۔

شکر ہے کہ قرآن کو "بنی امیہ کے دور کا ساختہ پرداختہ" بتانے والی زبانیں بھی یہ کہنے پر مجبور ہو گئیں کہ "آیتیں اپنی جگہ مستقل ہدایت اور آئینہ حقیقت ہیں" اور یہ کہ "یہ قرآن اگرچہ آنحضرتؐ کی وفات کے بیس برس بعد مرتب ہوا ہے مگر جب سے کہ موجودہ صورت میں آگیا کوئی تغیر ثابت نہیں ہے"

اس سے قصص و واقعات کے بنی امیہ کے ہاتھوں الحاقی ہونے کا دعویٰ بھی ختم ہو گیا اس لیے کہ بنی امیہ کا خود مختارانہ اقتدار آنحضرت کی وفات کے بیس برس بعد تک نہیں شروع ہوا تھا۔

رہ گئی حدیثوں کے اعتبار کی بحث وہ آپ کے سامنے ان "مسائل و دلائل" میں "قرآن اور حدیث" کی سرخی سے مشرح طور پر پیش کی جاتی ہے۔

www.kitabmart.in

"متشابہات" یا "بینات" یا "بین آیات" یا "محکم آیات" طرح طرح کے ناموں سے اُلٹ پلٹ کر کے جو کچھ بھی سوالات درپیش ہیں اُن سب کا جواب اس رسالہ کے ذریعہ حاضر ہے۔ طالبان حق کے لیے تسکین کا ذریعہ ہے۔ جان کر نہ ماننے والوں کی دوا علیٰ کے پاس بھی نہیں ہے۔

سوال (۱)

(قرآن اور حدیث)

"حدیثیں اختلاف کی وجہ سے بے وقعت اور دور از حقیقت ہیں اور ہمیشہ سے بازیچۂ طفلاں ہیں۔ رسول کے افعال اور اقوال میں سب سے اول اور مقدم طریق نماز ہے اور حادثات میں سب سے عظیم تر رسول کی وفات ہے جبکہ حدیثیں ان اہم ترین فرائض و واجبات میں یکزبان نہیں ہیں تو ان کے قول کا اعتبار ہی کیا ہے۔ راویوں سے حدیثیں دین میں تفرقہ انداز ہیں۔ اسلام میں مختلف فرقے ان ہی حدیثوں کی کرامت ہیں"

(جواب)

حدیثوں میں اتفاق بھی ہوتا ہے اور اختلاف بھی۔ اختلافی حدیثوں میں بھی اکثر کوئی ایک نقطہ مشترک ہوتا ہے۔ اگر انسان مختلف حدیثوں میں

www.kitabmart.in

محاکمہ کرنے اور ترجیح کے اصول پر عمل کرنے سے گریز بھی کرے تو اُن مشترک نقطوں کو تو ماننے میں کوئی عذر نہیں ہونا چاہیئے جن پر تمام حدیثیں باوجود اپنے اختلافات کے ہم زبان ہوں۔

اسی سے "متواتر بالمعنی" اور "متواتر بالاجمال" کے حدود قائم ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر یہ دیکھیے کہ اتحادی اور محوری جنگ کے حالات ہمارے لیے تو روایات ہی کے ذریعہ سے پہونچتے ہیں اور کوئی شک نہیں کہ ان روایات میں بڑا اختلاف بھی ہوتا ہے۔ پھر کیا آپ یہ کہیں گے کہ یہ روایتیں سب یکزبان نہیں ہیں تو اُن کے قول کا اعتبار ہی کیا اس لیے جنگ کا وجود ہی نہیں ثابت۔ ہمیں کیا معلوم کہ کوئی لڑائی ہو بھی رہی ہے۔ ابھی کل کی بات ہے کلکتہ پر جاپانی ہوائی جہازوں کی گولہ باری آپ کو روایات ہی کے ذریعہ سے پہونچی اور آپ نے تسلیم کی باوجودیکہ گولہ باری کی ان روایتوں میں جو ہم تک چشمدید اور اخباری بیانات سے پہونچیں بڑا سخت اختلاف ہے شروع جنگ سے اب تک نہ معلوم کتنے واقعات ہیں جو آپ کے لیے ان ہی مختلف روایات ہی کے ذریعہ سے یقین کے درجہ پر بھی پہونچ گئے۔ پولینڈ پر جرمنی کا قبضہ۔ بلجیم کا خاتمہ۔ فرانس کی شکست۔ ناروے۔ ڈنمارک ہالینڈ یونان وغیرہ پر دشمن کا تسلط۔ روس کے بہت سے علاقوں پر جرمنی کا غلبہ افریقہ میں فتح و شکست کے الٹے پلٹے۔ رضا شاہ کی معزولی و نظر بندی۔

www.kitabmart.in

عراق کی بغاوت اور رشید عالی کا انجام۔ یہ سب باتیں اس وقت ایسی ہی یقینی ہیں جیسے آپ نے اپنی آنکھ سے دیکھی ہوں۔ نہ روایتوں کا اختلاف اس یقین کو روک سکا نہ روایتوں کا بازیچۂ طفلاں ہونا سدراہ ہو سکا۔ گزشتہ واقعات میں کوئٹہ کا زلزلہ۔ جلیانوالہ باغ کا واقعہ ۱۹۱۹ء کا غدر۔ دہلی کی سلطنت کا خاتمہ۔ بہادر شاہ کی معزولی اور نظر بندی۔ اکبر کی رواداری اور انتظام کی خوبی۔ عالمگیر کی آس پاس کے ملکوں پر فوجکشی وغیرہ وغیرہ۔ ہزاروں ہی ایسے واقعات ہیں جو مختلف روایات ہی کی بنا پر حد یقین تک پہونچے ہیں۔ روایتوں کے اختلافی ہونے سے یہ نتیجہ نہیں نکالا جاتا کہ اصل واقعہ ہی غلط ہے بلکہ اصل واقعہ صحیح مانا جاتا ہے صرف اسکے تفصیلات میں شک و شبہہ رہتا ہے جب تک کہ کوئی قابل وثوق بیان سامنے نہ آجائے۔ سوال میں خود اس مثال کو پیش کیا گیا ہے کہ رسول کے افعال میں سب سے مقدم طریق نماز ہے اور حادثات میں سب سے عظیم تر وفات رسول ہے مگر احادیث اس بارے میں ہمزبان نہیں ہیں مگر اس ہمزبان نہ ہونے سے یہ نتیجہ تو نہیں نکلتا کہ نماز کوئی حقیقت ہی نہ رکھتی تھی اور وفات رسول ہوئی ہی نہیں پھر جبکہ نماز ایسے اہم حکم اور وفات رسول ایسے اہم واقعہ میں اختلاف کا پیدا ہونا اصل واقعہ کی صحت میں خلل انداز نہیں ہوا تو اگر کسی دوسرے حکم یا واقعہ کے تفصیلات میں اختلاف

www.kitabmart.in

ہو تو اس سے اصل واقعہ کی صحت پر کیا اثر پڑ سکتا ہے بلکہ اگر تمام روایتیں باوجود اپنے طرح طرح کے اختلافات کے واقعہ کے ثبوت پر متفق ہیں تو ماننا پڑے گا کہ اصل واقعہ تو ثابت ہے تفصیلی حالات ۔ ہمیں معلوم نہ سہی ۔ وفات رسول کے متعلق اتنا ہر مسلمان یقین کرتا ہے کہ صفر کی ۲۸ سے ربیع الاول کی ۱۲ تک کی تاریخوں میں منحصر ہے، یہ نتیجہ ہے انہی مختلف روایتوں کا جو اس دائرہ کے اندر محدود و متفق ہیں ـــــ نماز کے متعلق یہ یقین ہے کہ وہ پانچ وقت کی ہے ۔ فلاں وقت اتنی رکعت اور فلاں وقت اتنی رکعت قیام و قعود اور رکوع و سجود پر مشتمل ہے ۔ یہ جتنی باتیں یقینی طور پر ثابت ہوگئیں کیونکر ثابت ہوئیں ؟ اُن ہی مختلف روایتوں کے متفقہ بیانات سے ـــــ پھر اسی طرح اگر کسی آیت کی شان نزول ۔ کسی معجزہ کے وقوع ۔ کسی عام حکم کی تخصیص یا کسی مطلق کی تقیید میں روایات کے اندر کسی حد تک تفصیل میں اختلاف ہو لیکن اجمال میں سب متفق ہوں تو اس سے یہ نتیجہ کیسے نکل سکتا ہے کہ یہ شان نزول ۔ یہ معجزہ ۔ یہ تخصیص اور تقیید غلط ہے اور یہ کہ ہم کو بس صرف قرآن کی آیتوں پر عمل کرنا چاہیے اور حدیثیں سراسر بے وقعت اور دور از حقیقت ہیں ۔

غور کیجئے تو قرآن کریم خود ہم تک ان ہی انسانوں کے ذریعہ سے پہونچا ہے جن کے بیانات کو احادیث کے بارے میں سراسر بے وقعت اور

www.kitabmart.in

دوراز حقیقت بتلایا جاتا ہے۔ قرآن کریم کی نوعیت نزول، آیات کے موقع ورود اور ترتیب وغیرہ میں ویسے ہی بیانات کے اختلاف ہیں جیسے کہ احادیث میں عموماً بتلائے جاتے ہیں مگر ان اختلافات کے باوجود اصل قرآن کے سامنے سر تسلیم خم کیا جانا ضروری ہوا۔ پھر ایسے ہی کسی دوسرے واقعہ کے تفصیلات میں اگر بیانات کا اختلاف ہو تو اصل واقعہ کو نظر انداز کیسے کیا جاسکتا ہے۔

یہ بھی غلط ہے کہ اسلام میں مختلف فرقے ان ہی حدیثوں کی کرامت ہیں بلکہ اکثر اختلافات قرآنی آیتوں کے مختلف معانی کی وجہ سے پیدا ہوئے ہیں۔ مثال کے طور پر نماز میں پیروں کا دھونا یا مسح کرنا ارجلکم اور ارجلکم کی مختلف قراءتوں سے متعلق ہے — حیات و موت مسیح کا مسئلہ ماقتلوہ وما صلبوہ کے ساتھ پھر فلما توفیتنی اور متوفیک کے الفاظ سے متعلق ہے۔ جبر و اختیار کا مسئلہ من یضلل اللہ فلا ہادی لہ اور من شاء فلیؤمن ومن شاء فلیکفر وغیرہ آیتوں سے متعلق ہے۔ رویت و عدم رویت کا مسئلہ وجوہ یومئذ ناضرۃ الی ربہا ناظرۃ اور لا تدرکہ الابصار سے متعلق ہے تجسیم و تنزیہ کا مسئلہ ید اللہ مبسوطتان اور لیس کمثلہ شیئ وغیرہ سے متعلق ہے عصمت انبیاء کا مسئلہ لا ینال عہدی الظالمین کی موجودگی میں

www.kitabmart.in

عصیٰ آدم ربہ فغویٰ اور فتکونا من الظالمین وغیرہ سے متعلق ہے مبدا کا
مسئلہ لا تبدیل لکلمات اللہ کے ساتھ یمحو اللہ ما یشاء ویثبت سے۔ پردہ کا
مسئلہ لا یبدین زینتھن کے ساتھ الا ما ظھر منھا کے استثنا سے۔ نجاست
طہارت اہل کتاب کا مسئلہ انما المشرکون نجس کے ساتھ طعام الذین اوتوا الکتاب
حل لکم سے ——— خوارج کے مذہب کی بنیاد ان الحکم الا للہ پر قائم
ہوئی غرض یہ ہے کہ اسلام میں تقریباً کوئی اختلافی مسئلہ نہیں ہے خواہ وہ
اصول دین سے متعلق ہو یا فروع دین سے جس میں طرفین نے آیات قرآنی سے
صحیح یا غلط طور پر استدلال نہ کیا ہو پھر کیسے کہا جا سکتا ہے کہ مختلف فرقے
حدیثوں کی کرامت ہیں اور اس لیے حدیثوں کو نظر انداز کرنا چاہیئے۔

حقیقت یہ ہے کہ اسلامی ماخذ منقولی عقائد، احکام، اور تاریخی
واقعات سب شعبوں میں دو ہیں قرآن اور حدیث۔ قرآن اجمال کا پتہ
دیتا ہے اور احادیث سے اس کی تفصیل ہوتی ہے اس لیے نہ قرآن ہی
کو نظر انداز کیا جا سکتا ہے نہ احادیث کو۔ خود قرآن نے ما اتاکم الرسول
فخذوہ وما نھاکم عنہ فانتھوا کے الفاظ میں اور اطیعوا اللہ واطیعوا
الرسول واولی الامر منکم کے فرمان میں اپنے علاوہ ایک دوسرے
ماخذ کی طرف رجوع کا حکم دے دیا ہے اس لیے تنہا قرآن کو لے کر احادیث
رسول و ائمہ کا انکار خود قرآنی فرمان کا انکار ہے ——— قرآن کے برخلاف

www.kitabmart.in

حدیثیں نہیں مانی جاتیں مگر جہاں قرآن نے اجمال سے کام لیا ہے وہاں احادیث سے تفصیل۔ جہاں ابہام رکھا ہے وہاں تعیین۔ جہاں بظاہر عموم ہے۔ وہاں تخصیص اور جہاں اطلاق ہے وہاں تقیید احادیث سے ہوتی ہے۔ یہ قرآن کی مخالفت نہیں بلکہ اُسکی تفسیر ہے جس کے لیے احادیث کی ضرورت ناگزیر ہے۔

آیات قرآنی میں بیّن اور غیر بیّن کا بیان خود نہیں موجود ہے تم اگر بیّن اور غیر بیّن کی حدیں اپنی سمجھ سے مقرر کرتے ہو تو بہت ممکن ہے کہ جسے تم بیّن قرار دیتے ہو وہ دوسرے کے نزدیک غیر بیّن میں داخل ہو پھر اس سے استدلال تمھارے نزدیک وحی آسمانی ہو مگر دوسرے کے نزدیک وہ تمھاری سمجھ کی کارستانی ہوگی جس کے ماننے پر اُسے مجبور کیسے کیا جا سکتا ہے حقیقت میں دل کی بنائی ہوئی تاویلیں ہیں جنھیں بیّن آیات کے سر منڈھا جاتا ہے۔ اس کی حقیقت ان "مسائل و دلائل" سے صاف ظاہر ہو جائیگی پہلی مرتبہ جواب سوالات کے لب و لہجہ میں دیا گیا اب سوالات میں جملوں کی سجاوٹ غائب ہے اس لیے جواب بھی سادہ حاضر ہے حقیقت کے آئینہ سے جھائیاں دور ہوتی ہوتیں تو اب نئے سوالات پیش کرنے کی ضرورت نہ پڑتی یہ خود عملی اقرار ہے کہ پہلے اعتراضات کا غبار صاف ہو گیا نئے داغ جو ڈالے جا رہے ہیں وہ ان جوابات کے بعد کافور ہوں گے اور پھر حقیقت کا آئینہ بے داغ نظر آئیگا۔

www.kitabmart.in

سوال (۲)

(حقیقی مذہب اور ثابت حقیقتیں)

"حقیقی مذہب کون ہے اور ثابت حقیقتیں کیا ہیں؟

جواب

حقیقی مذہب اسلام ہے اور ثابت حقیقتیں اس کے وہ عقائد ہیں جو شرعی نقطۂ نظر سے مضبوط دلائل سے ثابت ہیں! انکی حقیقت میں جو شک ہو اس کے دور کرنے کا ہمارا ذمہ

سوال (۳)

(خدا اور قدرت)

"ہستی کو منظم کرنے والی قوت کا نام قدرت ہے۔ اسی کو خدا کہا جاتا ہے یہ بغیر جسم کے ظاہر ہو ہی نہیں سکتی۔ یہ لامکان بھی نہیں ہے اس کو ہر جگہ ہر شے میں ہر آنکھ دیکھ رہی ہے وہ ہر جسم میں (جان، روح، قوت کشش، روشنی، حرارت، کیفیت کی طرح فروکش ہے۔ فرق اتنا ہے کہ مذکورہ بالا اشیا جسم کے منظم ہونے سے پیدا اور غیر منظم ہونے سے ناپید ہو جاتی ہیں، اور قدرت (جسم منظم ہو یا غیر منظم کتنا ہی متغیر کیوں نہ ہو جائے) بہر صورت

www.kitabmart.in

جزو جزو میں موجود رہتی ہے اور جسم کے ذرہ ذرہ کو فنا ہونے سے محفوظ رکھتی ہے۔

قدرت کو نیکی، بدی، تکلیف و راحت، فراغت، فلاکت سے کچھ واسطہ نہیں۔ وہ بے نیاز، وہ شخصی فرمانروا کی طرح خود رو خود سر اور لاپرواہ ہے۔ اُس کے تمام فطری احکام قضا کی طرح اٹل ہیں"۔

خدا اور قدرت کو اگر اسی طرح مانا جائے تو کیا نقصان ہے؟

(جواب)

جن چیزوں کی ہستی کو منظم کرنے والی قوت کا نام قدرت ہے، اُن کی ہستی سے پہلے اس قوت کا وجود ہے یا نہیں؟ اگر نہیں تو پھر یہ چیزیں عالم ہستی میں آئیں ہی کس وجہ سے کیونکہ اُن کے پہلے ہستی کو منظم کرنے والی طاقت جس کا نام قدرت ہے اُس کا کوئی وجود نہ تھا اور اگر ان اشیاء کے پہلے اُس کا وجود ہے تو اُس کی ہستی ان تمام اشیاء سے بے نیاز، ان سے الگ اور ان سے مقدم ہوگی۔ وہ بغیر جسم کے ظاہر نہیں ہو سکتی یعنی اُس کے آثار کا ظہور بغیر جسم کے نہ ہوتا ہو مگر اُس کا ثبوت و وجود جسم پر موقوف ہرگز نہیں ہے اور جبکہ وہ تمام اشیاء کے پہلے ہے تو بضرورہ لامکان ہے کیونکہ مکانات اُس سے مؤخر ہیں۔ "خدا" کی لفظ کی

www.kitabmart.in

اگر کوئی من مانی اصطلاح نئی مقرر کرتا ہے تو یوں کہے کہ "اسی کو میں خدا کہتا ہوں" ——— لیکن یہ کہ "اسی کو خدا کہا جاتا ہے" غلط ہے۔

اہل مذہب جو "خدا" کی اصطلاح کے مقرر کرنے والے ہیں وہ ہرگز اُس قوت کو خدا نہیں کہتے جو ہر جسم میں جان، روح، قوت، کشش وغیرہ کی طرح فروکش ہے۔ یہ صفات کہ وہ قوت جسم منظم ہو یا غیر منظم یا کتنا ہی متغیر کیوں نہ ہو جائے بہر صورت جزو جزو میں موجود رہتی ہے اور جسم کے ذرہ ذرہ کو فنا ہونے سے محفوظ رکھتی ہے وہی ہیں جو لامذہب مادیین ذرات مادہ کے لیے قوت جذب و دفع کی صورت میں ثابت کرتے ہیں۔ یہ کہ اُس قوت کے آنکھ نہیں جو دیکھے، کان نہیں جو فریاد سُنے دل نہیں جو پسیجے یا ترس آئے اس کا دوسرا مطلب یہی ہے کہ وہ بے شعور اور بے ادراک ہے یہ بھی مادہ کی صفت ہے پھر خواہ مخواہ اسے "خدا" کے نام سے یاد کر کے اہل مذہب کو دھوکا دینے کی کیا ضرورت ہے۔ حالانکہ اسکے پہلے "آئینۂ حقیقت" میں صاف عالم و دانا ہونے کی صفت خدا کے لیے ثابت کی گئی ہے ممکن ہے کہ یہ اب ترقی کا دوسرا قدم ہو کہ اُس کی دانائی کا انکار ہو رہا ہے۔ آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا" اس قوت کے معنی جبکہ وہی ہیں جسے مادی لوگ مادہ کے لیے ثابت کرتے ہیں تو اُسے "شخصی فرمانروا کی طرح

www.kitabmart.in

خود رو خود سر اور لا پرواہ" اور اُس کے "فطری احکام" کہنا شاعری ہے
اور سب مجازی الفاظ ہیں ورنہ حقیقت میں وہاں ایک مشین کی سی طاقت
کے اثرات ہیں فرمانروائی، خود روی۔ خود سری اور لا پرواہی اور فطری
احکام کے الفاظ سب شعور و ارادہ کا پتہ دیتے ہیں اور اُس قوت میں
کہ جو ہر ہر ذرہ میں موجود ہے، شعور کا جوہر مفقود ہے — اور اگر
سچ مچ شخصی فرمانروا کی طرح اُسکے احکام ہیں۔ خود روی اور خود سری
اور لا پرواہی کے ساتھ ہی فرمانروائی کا جوہر ہے تو پھر اُسے شعور و
ادراک سے عاری ماننا درست نہیں۔ وہ شخصی فرمانروا کی طرح خود رو
خود سر اور لا پرواہ ان معنی سے ہے کہ وہ کسی کا محکوم اور کسی کے منشا
کا پابند نہیں جو کچھ کرتا ہے اپنی ذاتی علم و دانائی اور حکمت و ادراک
سے اور اسی لیے اُسے خود رو خود سر اور لا پرواہ ہونا ہی چاہیئے
کیونکہ دوسرا نہ طاقت میں اُس سے بالا نہ علم و حکمت میں اُس سے
اونچا ہے۔ پھر وہ کسی دوسرے سے دبے تو کیوں اور پرواہ کرے
تو کس لیے؟

بے شک رونے پیٹنے چیخنے چلانے سے حالات میں تبدیلی ہوتی
ہے جبکہ نظام عالم کی حکمت میں اس چیخنے اور چلانے کا کوئی دخل ہو
تب پھر خود فطری احکام کا نتیجہ اُسی کے مطابق فیصلہ کا متقاضی ہے۔

www.kitabmart.in

پھر بھی آخری فیصلہ قضا کی طرح اٹل ہے۔ خدا اُسی عالم و دانا فرمانروا کا نام ہے اسکے سوا جو ہو وہ خدا نہیں ہے۔ کچھ اور ہو سکتا ہے۔

سوال (۴)

(رسالت اور خدا کا حکم و ارادہ)

رسول اللہ خدا کا فرستادہ یعنی بھیجا ہوا۔ کہا جاتا ہے کہ یہ بھیجنا بحیثیت حکم و ارادہ ہی مگر یہ درست نہیں اس لیے کہ حکم و ارادہ کے لیے زبان و دل و دماغ درکار ہے۔

(جواب)

حکم خود حاکم کی زبان سے نکلے ہوئے الفاظ ہی نہیں ہوا کرتے بلکہ قلم سے نکلے ہوئے نقوش بھی حکم کہلائے جائیں گے۔ خالق کی طرف حکم کی نسبت یوں بھی ہو سکتی ہے کہ الفاظِ حکم کسی محل پر خلق ہوں اور یوں بھی کہ قلب انسانی میں حکم کا القاء ہو بہر حال زبان کی ضرورت نہیں اور ارادہ کے معنی ہیں "علم بہ نظام مصلحت" اُس کے لیے انسانوں میں دل و دماغ درکار ہے مگر خالق کے لیے بس ذات اُس کی علم کے لیے کافی ہے۔

www.kitabmart.in

سوال (۵)

(شفاعت)

جبکہ شفیع روز محشر ہونا صحیح نہیں ہے تو خصوصی اوصاف ومناقب میں اُس کا شمار بھی صحیح نہیں ہے۔ بارگاہ احدیت سے سفارش یا مغفرت کا منصب اُن کو عطا ہوا ہے تو قرآن میں نام بھی عنایت ہونا چاہیئے۔

(جواب)

کون کہتا ہے کہ شفیع روز محشر ہونا صحیح نہیں ہے لا تنفع الشفاعۃ عندہ الا لمن اذن لہ کے استثناء سے خود شفاعت کا ثبوت ملتا ہے۔ فرائض رسالت یا رسالت کے عمومی عقائد میں سے ہونا نہ ہونا دوسری چیز ہے اور اوصاف ومناقب کے اعتبار سے ثابت ہونا دوسری چیز۔ بارگاہ احدیت سے سفارش یا مغفرت (یعنی طلب مغفرت) کا منصب عطا ہونا قرآن میں موجود ہے ولو انھم اذ ظلموا انفسھم جاءوک فاستغفر واللہ واستغفر لھم الرسول لوجدوا اللہ توابا رحیما۔

www.kitabmart.in

سوال (۶)

(روح و قیامت)

وہ کون معتبر ہے جس کو اپنے واقعات قبل الحیات یاد ہیں۔ روح کا تعلق اگر جسم سے نہ رہے تو تصور کیا، خواب کہاں کا، عقل کیسی، جیتے جی کو کیونکر محسوس ہو اکہ روح کا احساس جسم سے علیحدہ ہو کر قوی ہو جاتا ہے؟ رسول نے تو بتایا ہی نہیں۔ ان کو غیب دانی سے انکار ہے۔ چالیس برس کے بعد خدا نے انھیں خبر دی تو وہ صرف امر تبلی ہے

(جواب)

حیات یعنی عالم ظاہری میں پیدائش کے پہلے کے حالات خدا کے سچے بندوں نے جو پیغمبر اور اوصیا رہے تھے بتلائے ہیں۔ کوئی انھیں معتبر نہیں مانتا تو یہ اپنے ایمان کا قصور ہے۔ اُن کی زندگی جو ہمہ تن سچائی اور امانت تھی اُن کے معتبر ہونے کی گواہ تھی۔ جس نے دنیا کی باتوں میں کبھی جھوٹ نہ بولا ہو اُسے کیا ضرورت کہ "قبل الحیات" کے بارے میں غلط باتوں کی اطلاع دے۔ دشمن تک اُن کی سچائی کا اقرار رکھتے تھے اُن کا بلند کیرکٹر اُن کے اعتبار کی سند تھا۔ تصور، خواب، اور عقلی فکر میں اگر آنکھ کان وغیرہ

www.kitabmart.in

ظاہری حواس کا واسطہ ہوتا تو جسم سے تعلق ختم ہونے کے بعد ان کے ثبوت میں دشواری بھی محسوس ہوتی مگر جبکہ یہ ادراکات ان آنکھوں، ان کانوں اور ان احساسات سے متعلق نہیں تو پھر کیوں انھیں خواہ مخواہ جسم سے وابستہ سمجھا جاتا ہے جسم سے علیٰحدہ ہو کر روح کا احساس قوی ہو جائے، اس کا اندازہ جیتے جی یوں ہو سکتا ہے کہ اکثر اوقات جسم کی کمزوری کے ساتھ روح کے احساسات طاقتور نظر آتے ہیں۔ رسول کو ذاتی طور پر غیب دانی سے انکار تھا تو ہوا کرے۔ تعلیم الٰہی سے وہ غیب کی باتیں جانتے اور بتلاتے تھے امر ربی تو ماہیت روح کے دریافت پر کہا ہے مگر جسم کے بعد روح کا بقا اور جزا و سزا سے دوچار ہونا تو انھوں نے صاف بتلایا ہے اُن کی سچائی کا یقین ہو تو اسی کو صحیح مانو۔

سوال (۷)

(امامت)

دنیا میں موجود رہ کر پردۂ غیبت میں کار امامت کرنا عجیب منطق ہے جو سمجھ میں نہیں آتی۔ قرآن بالاجمال ہے تو صرف امامت کے لیے بالتفصیل ہے تو تمام رطب و یابس کے لیے۔ انبیاء کے لیے، کفار کے لیے، بہشت و دوزخ کے لیے، حلال حرام کے لیے، نیکی بدی کے لیے، جانوروں کے لیے وغیرہ

www.kitabmart.in

یہ ہندی کی چندی اور اصول دین کی چہارم امامت کے لیے قرآن میں کہیں شائبہ بھی نہیں۔ نبی امیہ کا اندیشہ خدا کو نام ظاہر کرنے یا صاف صاف حکم دینے سے مانع ہوا۔ تعجب ہے، قدرت اتنی ڈرپوک، خدا اتنا بے بس قادر تعالیٰ اتنا کمزور،

قرآن میں امامت ابراہیم اور ذریت کے لیے مختص ہے اور ان کی ذریت میں اسحٰق و یعقوب ائمہ بن چکے ہیں عالم الغیب نے ہمارے ائمہ کا کہیں تذکرہ نہیں فرمایا۔ امامت کے لیے کوئی ہدایت کی ہوتی تو کیوں بے شمار شیعہ چھ اماموں کو مان کر اسماعیلی ہو جاتے اور فرقہ میں اتنا تفرقہ پڑ جاتا۔

(جواب)

خلیفہ مانے گئے حضرت ابوبکر۔ جناب امیرؑ کو دنیا نے خلیفہ نہ مانا مگر آپ گھر کے گوشہ میں بیٹھے ناسخ و منسوخ اور تنزیل و تاویل کی تفسیر تحریر کرتے رہے۔ یہ تھا پردہ میں رہ کر کار امامت کرنا۔ لڑائیوں میں سردار دوسرے بنا دیے گئے۔ اسلامی فتوحات دوسروں کے پائے نام رہے مگر ضرورت پڑی تو اسلام کی لاج رکھنے کے لیے مشیر کار بنے علی۔ یہ تھا پردہ میں کار امامت کرنا۔ دینی پیشوائی دوسروں کی مسلّم ہوئی۔ امامت اُن کو تفویض ہوئی مگر کسی مشکل مسئلہ کے وقت مفتی کی حیثیت سے آڑے آئے تو علی۔ یہ تھا پردہ میں کار امامت

www.kitabmart.in

ساتھیوں کی بے وفائی، خونریزی کی طول طویل مدت، اصلاح کی مایوسی کی وجہ سے خلافت ظاہری سے دستکش ہو گئے امام حسن مگر چلیے چلتے صلح کے شرائط میں کتاب وسنت کی پابندی حکومت کے لیے ضروری قرار دی اور ثابت کر دیا کہ سیاست اور شریعت جدا ہیں، آئین حکومت اور طریق شریعت الگ الگ چیزیں ہیں یہ تھا صلح کے پردہ میں کار امامت۔ اصلاح کار سے آخری درجہ پہ مایوسی اور بیعت کے مطالبہ کی شدت سے عاجز آکر مرنے پر تیار ہو گئے حسین۔ گھر لٹا دیا۔ سر کٹا دیا۔ مظلومی اور بے بسی کے پردہ میں یہ تھا کار امامت۔

ہاتھوں میں ہتھکڑیاں، پیروں میں بیڑیاں، ماں بہنیں اور دوسرے اہل حرم سر برہنہ۔ شتر برہنہ پر سید سجاد مگر حق کے راستے کی تبلیغ۔ بیگناہی کا اعلان۔ یزید کے جرائم کی تشہیر۔ اسیری اور دربدری کے پردہ میں یہ ہو رہا ہے کار امامت۔

اسی طرح تمام اماموں کی سیرت زندگی! اتنی مثالوں سے بھی نہ سمجھ میں آئے تو منطق عجیب یا عقل وفکر اور ذہانت عجیب؟

قرآن بالتفصیل ہے تو کس چیز کے لیے؟ انبیاء کے لیے جن کی تعداد تبلائی نہ سب کے نام۔ کہدیا کہ ہر امت میں کوئی نہ کوئی رہنما ضرور آیا مگر ہندوستان

www.kitabmart.in

میں کون انبیاء مبعوث ہوئے، ایران میں کون، ترکستان میں کون، یورپ میں کون، حبشہ میں کون؟ اس کا کہاں ذکر ہے؟ کفار کے لیے بالتفصیل ہے حالانکہ رسول اللہ کے زمانہ کے کافروں میں سے صرف ایک ابولہب کا نام لیا ہے اور کسی ایک کافر کا بھی نام کے ساتھ ذکر نہیں پھر بالتفصیل کیسے ہے؟ بہشت دوزخ کے لیے بالتفصیل کہاں ہے حالانکہ یہی نہیں بتایا کہ وہ دونوں کس جگہ ہیں، کب سے پیدا ہوئے ہیں اور اُن میں باہم کتنا فاصلہ ہے؟ حلال حرام کے لیے کیا بالتفصیل ہے؟ حالانکہ طیبات کو کہدیا حلال اور خبائث کو بتا دیا حرام مگر نہ طیبات کی کوئی فہرست۔ نہ خبائث کی کوئی تصریح۔ کیا اسی کا نام تفصیل ہے؟ نیکی و بدی کے لیے کیا تفصیل کی گئی؟ بس کہدیا کہ اللہ عدل و احسان اور ذوی القربیٰ کی عطا کا حکم دیتا ہے اور "فحشاء" اور "منکر" اور "بغی سے" روکتا ہے مگر فحشاء اور منکر اور بغی میں کیا کیا چیزیں داخل ہیں۔ ان کا صاف بیان ندارد کیا اسی کو تفصیل کہتے ہیں؟ جانوروں کے لیے کیا تفصیل ہے؟ نہ حلال و حرام جانوروں کا پورا بیان نہ اُن کی فہرست گائے کی تفصیل بیان ہوئی تو ہندی کی چندی کرنے والوں کے پوچھنے پر بڑی بیزاری کے اظہار کے ساتھ ورنہ اجمال ہی پر ٹالا گیا تھا۔ پھر قرآن جیسے ہر چیز میں لاجمال ہے ایسے ہی امامت کے لیے جیسے سب باتوں کا اجمال قرآن میں ہے اور

www.kitabmart.in

تفصیل قول یا عمل رسول سے ہوی ہے۔ ویسے ہی امامت بھی۔ نبی امیہ
کا اندیشہ کوئی اپنی ذات کے لیے نہیں، اپنی جان جانے کے لیے نہیں۔
وہ طاقتور زبردست غالب و قاہر سب کچھ ہے اور اس کو زوال و تغیر
نہیں اس لیے کوئی نقصان نہیں پہونچ سکتا لیکن اندیشہ ہوتا ہی بندگان
خدا میں افتراق و انشقاق اور گمراہی و ابتری پیدا ہونے کا۔ مسلمانوں
میں ایک کے بجائے دو قرآن ہو جانا مفاد الٰہی کے خلاف تھا قرآن میں
ناموں کی صراحت سے اندیشہ یہی تھا کہ مسلمانوں میں قرآن بھی دو دو نہ
ہو جائیں — یہ کوئی عاجزی نہیں ہے۔ نہ درماندگی بلکہ اپنے قائم
کردہ نظام کا پاس و لحاظ ہے۔ وہ کسی کو مجبور نہیں کرتا ورنہ سب سے
اپنا وجود ہی منوا لیتا — آج "آئینہ حقیقت" — یا "بینات" کی
نوبت ہی کیوں آتی —

امامت ابراہیم اور اُن کی ذریت میں مسلّم مگر اسحٰق و یعقوب پر یہ سلسلہ موقوف
کس نے کیا جبکہ ذریت ابراہیمی کا وجود اس کے بعد بھی رہا اور غیر ظالم
ہستیوں کے لیے دعائے ابراہیمی کی قبولیت میں کوئی حد اور قید نہیں ہے،
اور اس امت میں "جماعت وسط" یعنی عادل افراد جس کے معنی ہوے
"غیر ظالم" ان کا صراحۃً وجود قرآن سے ثابت ہی تو پھر ذریت ابراہیمی

www.kitabmart.in

کے نہ پہونچنے کا باعث کیا؟ —— صادقین —— اولی الامر
امتہ وسطا —— اور شھداء علی الناس - اس امت کے ایمہ
کے اوصاف ہیں جو قرآن میں مذکور ہیں —— کسی امر میں اختلاف ہوجانا
اس کی دلیل نہیں کہ اس بارے میں کوئی ہدایت نہ ہوی تھی جبکہ ختم نبوت
میں اختلاف ہوگیا حالانکہ قرآن میں اس کے لیے ہدایت موجود تھی - مثال
کے طور پر فروع احکام میں نماز جس کے لیے قولی و عملی مثالیں ضرور پیش ہوی
تھیں اس میں اختلاف پیدا ہوگیا - اسی طرح اگر امامت کے تفصیلات میں
بعد میں مختلف فرقوں میں اختلاف پیدا ہوگیا تو اس سے یہ کیسے ثابت
ہوسکتا ہے کہ واقعی کوئی ہدایت بھی نہ ہوئی تھی؟

سوال (۸)

(خلافت بلافصل)

۱۳½ سو برس بعد اب علی کو خلیفہ بلافصل بنایا جارہا ہے - یہ ارضی خلافت عرب
کی شاہی دنیا کی بادشاہی تھی - رسول کے بعد ابوبکر پاچکے قرآن میں جہاں کہیں خلافت ہے
ارضی خلافت ہے -

۱	بقر	۳۰	فی الارض
۱۸	نور	۵۵	
۸	انعام	۱۶۶	
۲۳	ص	۲۶	

www.kitabmart.in

علی رسول کے داماد، چچازاد بھائی، قوت بازو تھے۔ علی کو رسول کی قرابت، علم، شجاعت، اسلام میں جانبازیاں۔ جہادی کارنامے اور آنحضرت کی نصرت سے جو خاص منزلت ہے۔ وہ کسی کو نصیب نہیں، بلا فضیلت جوڑ دینے سے عظمت کچھ بڑھ نہیں جاتی۔ رسول نے علی کو ضرور ولی بنایا۔ جس جماعت نے نہ مانا اُس نے اطیعوا الرسول کے خلاف کیا یا واللہ اعلم وقتی مصلحت کو دیکھا۔ وہ جانیں اور اُن کے اعمال بالنیات۔

علی خلافت کے ضرور سزاوار تھے مگر خلافت اُن کو ناسزاوار تھی آنحضرت کی نصرت میں اکثر قوم قبیلوں کے سردار علی کے ہاتھ سے قتل ہوئے تھے۔ انتقام طلبوں کا مجمع تھا۔ دلوں میں قصاص کی آگ بھڑک رہی تھی جماعت میں زیادہ تر ذوالفقار علی سے سینہ فگار بنو امیہ اور آل عبدالدار تھے جن کے دلوں کے گھاؤ تازہ زخم آلے تھے۔ علی کے نصیب میں ۶۳ برس کی زندگی تھی۔ بھلا ہوا کہ اس وقت بلا فصل خلافت کی آفت سے محفوظ رہے۔

حسن کردار سے حضرت علی خلافت کے ضرور حقدار تھے مگر واقعوں ہی گزرا ہے کہ رسول کی خلافت ابوبکر نے پائی۔ عثمان سے خلافت علی پر آئی خلافت آئی بھی تو آفت لیتی آئی۔ نتیجہ اچھا نہ نکلا۔ اپنی جان گئی کنبہ نیست و نابود ہوا۔ ایک ہی دن واقعہ عاشورا میں ۲ بھتیجے ۸ بیٹے

www.kitabmart.in

۸ پیتے جاں بحق ہوئے۔ ہزاروں مسلمان دوستی میں ہزاروں دشمنی میں مارے گئے۔ لاکھوں بوترابی صدیوں تک خاک میں ملتے رہے۔ خدمت خلق نہ کافی ہوگئی۔ ۱۳ صدیاں گزر چکیں آج تک خلافت کی وہی آفت شیعہ سُنی کے نام سے اسلام میں موجود ہے۔ تبرا تولا، مدح و قدح، کی جان لیوا وبا مسلمانوں میں جاری و ساری ہے۔

(جواب)

رسول دنیاوی شاہ، ارضی شہنشاہ نہ تھے کہ اُن کی خلافت ارضی شاہی دنیا کی بادشاہی ہوتی۔ پیغمبر کی حکومت بحیثیت روحانی تاجدار دین و دنیا کے مالک و مختار رکھتی تو اُن کے جانشین کی حکومت بھی ایسی ہی ہوسکتی ہے۔ قرآن میں جہاں کہیں خلافت ہے اسی طرح کی مذہبی اور الٰہی حکومت ہے۔

بقر ۳۰ میں آدم کی خلافت کا ذکر ہے وہ کہیں کے بادشاہ نہ تھے بلکہ ایک روحانی پیشوا تھے۔ سورۂ ص میں داؤد کا ذکر ہے انھیں اگرچہ حکومت عطا ہوئی تھی مگر وہ بھی پیغمبر تھے اس لیے یہ نہیں سمجھا جاسکتا کہ اُن کی حکومت صرف دنیوی حیثیت رکھتی تھی پھر جبکہ گزشتہ امتوں میں جس چیز پر خلافت کا اطلاق ہوا ہے وہ دنیوی سلطنت نہ تھی تو یہ

www.kitabmart.in

کیسے کہا جا سکتا ہے کہ سورۂ نور میں اس امت کے لیے جو حکومت کا وعدہ ہوا ہے وہ صرف دنیوی بادشاہت ہے جبکہ اس میں یہ تصریح موجود ہے کہ کما استخلف الذین من قبلھم یعنی ویسی ہی خلافت ہوگی جیسی پہلی امتوں میں مل چکی ہے۔ اگر یہ صرف دنیوی سلطنت ہوتی تو اس کے وعدہ کے لیے امنو وعملوا الصالحات کی قید بیکار تھی کیونکہ سلطنت دنیا اس کے پہلے بھی اکثر فساق و فجار کو ملی اور اس امت میں بھی زیادہ تر سلطنت دنیا فاسقین و فاجرین ہی کو حاصل رہی فی الارض کی لفظ سے یہ نتیجہ نہیں نکالا جا سکتا کہ وہ دنیوی سلطنت ہے کیونکہ نبوت یا رسالت یا امامت بھی آسمان والوں کیلئے تھوڑی ہوتی ہے ہوتی ہے وہ بھی زمین کے رہنے والوں میں لیکن تعلق اس کا آسمانی احکام و ہدایات سے ہوتا ہے۔ جبکہ خلافت بھی نبوت و رسالت کا ایسا عہدہ ہوا جو اللہ کی طرف سے اس کے مخصوص بندوں کو ملتا ہے تو اس کا پانا کسی انسان کے بس کی بات نہیں ہے، اجماع، شورے، استخلاف کے تمام ذرائع یہاں پر بیکار ہیں وہ تو جس کے لیے اللہ نے مقرر کر دی بس اسی کو ملی اور کسی کو نہیں اور اس اعتبار سے علی خلیفہ بلافصل ۱۳ ½ سو برس بعد نہیں بنائے گئے بلکہ اسی وقت سے وہ خلیفہ بلافصل مقرر تھے جب سے کہ محمد مصطفیٰ رسول مقرر ہوئے تھے۔ بلافصل جوڑنا علی کی عظمت بڑھانے کے لیے نہیں بلکہ

www.kitabmart.in

حق کے اظہار اور باطل کی نفی کے لیے ہے جب علی خلافت کے سزاوار تھے
تو جسے اُن کے سوا پہونچی ناسزا پہونچی۔ خلافت اُن کے لیے سازگار تھی
یا نہیں اس کا فیصلہ تو جب ہوتا کہ جب بلا فصل وہ اُن تک پہونچتی۔ پھر
نہ کوئی آفت آتی نہ قیامت۔ انتقام لینے والوں کو انتقام لینا تھا
تو رسول سے لیتے اس لیے کہ علی نے جو کیا وہ اُن ہی کے حکم اور گمان
میں کیا عداوت ہوتی تو اُن سے ہوتی مگر پیغمبر نے ان لوگوں کی طاقتوں
کو ایسا شکستہ کر دیا تھا کہ اُن میں انتقام لینے کا دم نہ تھا۔ علی کی خلافت
اُن کی رہی سہی طاقت کو اور ختم کر دیتی۔ دلوں کی حسرت دل ہی میں رہتی
مگر آفت تو اجماعی خلافت سے آئی کہ جن کا زور رسول نے توڑا تھا اس
خلافت نے اُن کو طاقت بڑھانے کا موقع دے دیا جب اُن کی طاقت
بھرپور شباب پہ تھی اُس وقت علی کی خلافت ہوئی۔ اب کیا تھا رسول کا
کنبہ نیست و نابود ہوا۔ گھر برباد ہوا۔ یہ سب نتیجہ ہوا فصل کے قائم ہو جانے
کا اور اسی فصلی خلافت کی آفت ہے جو شیعہ سُنی کے نام سے اسلام میں موجود
ہے اور تبرا تولا۔ مدح قدح کی جان لیوا دو اسلمانوں میں جاری ہوئی ہے

سوال (۹)

قرآن سے ظاہر ہوتا ہے کہ امامت پیغمبری سے بڑھا ہوا

www.kitabmart.in

جلیل القدر منصب ہے جو مخصوص پیغمبر خلیل اللہ کو اور توریت کو عطا فرمایا گیا ہے ۱ بقر ۱۲۴ ہود ۱۲ ہم لوگ باعتبار حسن کردار (نہ باعتبار وراثت) حضرت علی کو وصی و جانشین رسول اور اُن کی اولادوں میں سے بعض بنی فاطمہ کو آل رسول جان کر اپنا امام بناتے ہیں مگر قرآن میں ان کا نام نہیں پاتے۔

عالم الغیب کو امام بنانا ہوتا تو اپنے فرمان میں یہ منصب نام بنام عطا فرما دیتا۔ پھر حنفی و شافعی و حنبلی و مالکی کیوں امام بنائے جاتے جعفری کیوں خانہ کعبہ سے علیحدہ کر دیے جاتے چھ اماموں کو مان کر اسمٰعیلیے کیوں الگ ہو جاتے۔ آج کو سر آغا خان کیوں امام مانے جاتے۔ بارھویں امام کیوں غائب ہو جاتے۔ کیوں ۱۲ سو برس انتظار کراتے۔

(الجواب)

قرآن سے ظاہر ہے کہ امامت جو پیغمبری سے بڑھا ہوا جلیل القدر منصب ہے پیغمبر خلیل اللہ کے بعد آپ کی اولاد کے لیے ثابت رہا، اُن کے لیے جو ظالم نہ ہوں یعنی باعتبار کردار معصوم ہوں ۱ بقر ۱۲۴

ہم لوگ باعتبار نص رسول جس کا باعث حسن کردار ہے نہ وراثت حضرت علی اور اُن کے بعد اُن کی اولاد میں سے بعض اشخاص کو جن کیلئے

www.kitabmart.in

نص ثابت ہوا۔ اپنا امام مانتے ہیں۔ آل رسول جان کر اگر امام بناتے
تو سب ہی بنی فاطمہ کو بناتے چند افراد کی تخصیص نہ ہوتی — قرآن میں
نام پانے کی ضرورت نہیں اس لیے کہ جو قرآن کے پہونچنے کا ذریعہ تھا۔
یعنی رسول وہی ان ناموں کے پہونچانے کے لیے کافی تھا۔ نام بنام بھی قرآن
میں بتائے جاتے تو بھی من گھڑت تاویلوں سے اپنے امام بنائے جاتے۔ صاف
طور سے پیغمبر کو خاتم النبیین کہا۔ پھر مسیلمہ کذاب۔ سجاح۔ اور اب
آخر میں مرزا غلام احمد قادیانی نبی بنا ہی لیے گئے۔ پھر اماموں کا نام
آجانے سے دوسروں کی امامت کا دروازہ کیسے بند ہوتا — قرآن میں
نام آنے اور غیبت کے ہونے نہ ہونے سے کوئی تعلق نہیں۔ غیبت
ہونے والی تھی تو بہر حال ہوتی خواہ نام قرآن میں آتے یا نہ آتے

سوال (۱۰)

فضیلت و خصوصیات رسول

حضرت عیسیٰ کی تمام خصوصیتیں قرآن کی بین آیتوں میں نام
کے ساتھ موجود ہیں یہ توہم ہے تو خدا کا ہے۔ صحیح نہیں ہے تو اس کا
ذمہ دار کلام اللہ ہے۔ قرآن کے تیسرے پارہ تلک الرسل کی پہلی آیت
میں مزید برآں تو ہم ملاحظہ ہو۔ کلیم اللہ اور روح اللہ کا سا افضل انبیاء

www.kitabmart.in

معجز نما۔ رفیع الدرجات کوئی اور نبی نظر نہیں آتا۔ آپ کی نظر میں ہو تو قرآن سے دکھلائیے۔

تلک الرسل فضلنا بعضھم علیٰ بعض منھم من کلم اللہ ورفع بعضھم درجات واٰتینا عیسی بن مریم البینات وایدناہ بروح القدس (پ ۳ بقر)

ان میں سے بعض کو بعض پر فضیلت دی۔ ایسے بھی ہیں جن سے خدا نے خود بات کی اور بلند مرتبہ کیا اور عطا کیے عیسیٰ بن مریم کو معجزات اور روح القدس سے اُن کی امداد کی

اور خدائی وہم ملاحظہ ہو۔

عیسی بن مریم وجیھا فی الدنیا والاٰخرۃ ومن المقربین

۳۔ آل عمران آیت ۴۵

عیسیٰ بن مریم کو باعزت کیا دنیا و آخرت میں اور مقرب بندوں میں ہیں

اب ذرا عیسیٰ کے لیے آیۂ تطہیر نام کے ساتھ ملاحظہ کر لی جائے

یا عیسیٰ انی متوفیک ورافعک الیّ ومطھرک من الذین کفروا وجاعل الذین اتبعوک فوق الذین کفروا الیٰ یوم القیامۃ

(۳۔ آل عمران۔ ۵۵)

اے عیسیٰ مرنے پر تم کو رفیع کرونگا اپنی طرف اور پاک طاہر کرونگا کافروں سے اور تمھارے تابعین کو غالب رکھوں گا کافروں پر قیامت تک۔

www.kitabmart.in

جناب مریم کے لیے بھی آیۂ تطہیر نام کی تخصیص کے ساتھ ملاحظہ ہو۔

یامریم ان اللہ اصطفاک و طہرک واصطفاک علیٰ نساء العالمین ۳۔ آل عمران ۴۲

اے مریم تم کو خدا نے منتخب کیا اور طاہر کیا اور برگزیدہ کیا تمام جہان کی عورتوں سے۔

(۱) عیسیٰ روح اللہ ہیں۔ ان کی روح کو مقام شرف میں خدا نے اپنی طرف منسوب کیا ہے۔ یہ شرف کیا کم ہے۔ ایسی فضیلت آپ آنحضرت کی نسبت قرآن سے دکھائیے؟

آدم کی خصوصیت سے یہاں کیا واسطہ۔ ان کا یہاں کیا ذکر۔ ان کو نافرمانی کی وجہ سے کوئی خصوصیت نہیں۔ آنحضرت منزل روح ہیں تو ابراہیم موسیٰ عیسیٰ سب ہی پر فرشتے آئے۔ سب ہی منزل روح ہیں۔

(۲) حضرت عیسیٰ بغیر باپ کے پیدا ہوئے ہیں۔ یہ فضیلت نہیں خصوصیت تو ہے۔

آدم سے کیا مطلب آنحضرت میں کوئی ایسی خصوصیت دکھلائیے۔

(۳) عیسیٰ کی والدہ صدیقہ ہیں۔ ۱۶۔ مریم۔ ۳

جناب فاطمہ دختر آنحضرت کی کوئی ایسی خصوصیت قرآن سے دکھائیے

(۴) حضرت عیسیٰ کا بطن مادر سے نبی ہونے کا دعویٰ قرآن کی ۱۶۔ مریم

www.kitabmart.in

آیت ۳ سے ہے۔ آنحضرت کا ایسا شرف قرآن سے دکھائیے۔

(۵) خدا کی دی ہوی ہر چیز اعجاز ہے۔ قرآن اعجاز ہے تو عیسیٰ و موسیٰ کی انجیل و توریت بھی اعجاز ہیں۔

(۶) مریم کے دامن پر شرمناک دھبہ تھا اس لیے اتنے فضائل اور خصوصیات قرآن میں عطا فرمائے گئے ہیں۔ آپ کے رسول کے یہاں تو خدانخواستہ کسی الزام کی گنجائش نہیں ہے تو کوئی خصوصیت و فضیلت بھی قرآن سے نہیں معلوم ہوتی۔

(۷) آنحضرت کے لیے نشانی قرآن باقی ہے تو موسیٰ کی توریت اور عیسیٰ کی انجیل بھی باقی ہے جو اُن کی سچائی ظاہر کرتی ہے۔

(۸) یہ بالکل صحیح ہے کہ آنحضرت کو کوئی معجزہ عطا نہیں ہوا قرآن کی پندرہ آیتیں گواہ ہیں۔ دیکھئے معجزات کی بحث۔

(۹) حضرت عیسیٰ کی بزرگداشت قرآن کی آیت سے ہے۔ آنحضرت کے دندان مبارک شہید ہوئے۔ ماتھا زخمی پتھروں سے شانہ گھائل ہوا ہے۔ آپ کی مذہبی تاریخیں گواہ ہیں۔

(۱۰) حضرت عیسیٰ کی یہ خاص خصوصیت ہے کہ تمام اہل کتاب (جس میں آنحضرت بھی شامل ہیں) مرنے سے پہلے عیسیٰ پر ضرور ایمان لائیں گے آپ کا قرآنی حکم کہہ رہا ہے اور عیسیٰ اس پر گواہ ہوں گے۔

www.kitabmart.in

آپ فرماتے ہیں کہ آنحضرت کا دین تا قیامت غالب رہے گا اور آپ کے تابعین خلافت فی الارض کے مالک ہوں گے۔ اس کا انتظار آپ فرمائیں۔ خدا کا وعدہ تو پورا ہو رہا ہے ۱۳½ سو برس کی تاریخ آپ کے سامنے ہے۔ خدا کا وعدہ ہے تو اچھے کام کرنے والوں سے ہے۔ وہ مسلمان ہوں یا عیسائی یا موسائی۔

(۱۱) عیسیٰ اور ان کی ماں کے لیے روح القدس جبرئیل آئے اور وحی لے کر آئے۔ فرشتوں نے بھی خوشخبری دی۔ آنحضرت کی امداد کو ہزاروں فرشتے آئے تو چھپ کر کوئی دیکھ نہ پایا۔

(۱۲) حضرت عیسیٰ کو خدا نے رفیع کہا تو بیداری میں آنحضرت منزل قاب قوسین گئے ہوں گے تو خواب میں۔

(۱۳) حضرت عیسیٰ متوفیاک ورافعک ومطہرک ہیں تو قرآن سے ہمارے بارہویں امام غائب ہیں تو قرآن میں بھی پتہ نہیں۔

(۱۴) حضرت عیسیٰ کے پیروؤں کو غالب رکھنے کا وعدہ ہے ۳۔ آل عمران ۵۵۔

(۱۵) قرآن کو دائمی مانیے گا تو انزل من قبلک کو بھی دائمی ماننا پڑے گا۔

(۱۶) عیسیٰ پر ایمان لانے والی جماعت اب بھی آپ کی جماعت ہے

www.kitabmart.in

بہت زیادہ ہے اور خلیفہ فی الارض ہے۔

(۱۷) عیسیٰ نے ملک و مال کو نہیں چھوا۔ نہ مخلوق الٰہی کو قتل کیا۔ آنحضرت نے مخلوق خدا کو قتل کیا۔ ملک چھینا۔ مال غنیمت لوٹا۔ خدا کے بندہ کو اپنا بندہ بنایا (کنیز و غلام)

(۱۸) عیسیٰ نے خلق خدا کو تکلیف نہیں پہونچائی۔ بیماروں کو شفا دی۔ اندھے کوڑھی جذامی اچھے کئے۔ یہ انسانی ہمدردی بے مثال ہے

(۱۹) حضرت عیسیٰ عورتوں سے علیحدہ رہے تو آنحضرت حد سے متجاوز ہو گئے۔

(۲۰) حضرت عیسیٰ کے معجزات مفاد عامہ کے لیے آپ کو بھی تسلیم ہیں مگر آنحضرت کا کوئی ایسا معجزہ قرآن میں نہیں ہے۔

معجزات و خصوصیات از قرآن

	حضرت ابراہیم	حضرت موسیٰ
۱	آگ سرد ہو گئی	عصا
۲	جانوروں کا قیمہ بن گیا	ید بیضا
۳		دریا شگافی
۴		اژدہا پیکری
۵		۱۲ چشمے
۶		مردہ زندہ

www.kitabmart.in

	حضرت ابراہیم	حضرت موسیٰ
معجزات		من وسلویٰ قحط عذاب الٰہی متعدد بار
خصوصیات	دنیا و آخرت میں منتخب ہوئے خلیل اللہ امام بنایا اسلام دین حنیف ہے پیری میں فرزند عطا ہوا فرشتے آئے بڑا ذبیح فرزند کا فدیہ ملا ابراہیم کی پیروی کا آنحضرت کو حکم دعا سے بیٹا اور پوتہ ائمہ ہوئے صحائف	آپ کی کتاب امام ہے صاحب شریعت اول ۹ معجزے عطا ہوئے کلیم اللہ تجلی کا شرف قبطی کا خون معاف ہوگیا ماں پر وحی آئی توریت : :
معجزات	حضرت عیسیٰ پیدا ہوتے ہی کلام کیا مردے جلائے	حضرت محمد

www.kitabmart.in

	حضرت عیسیٰ	حضرت محمد
معجزات	مٹی کے کھلونوں میں جان ڈالی اندھے کوڑھی جذامی اچھے کئے بیماروں کو شفا دی	
خصوصیات	روح اللہ روح القدس سے امداد ہوئی خوان نعمت کنواری سے پیدا ہوئے کتاب ہدایت ساتھ لائے ماں کے خصوصیات گزند و صدمہ سے محفوظ رہے سب کو ایمان لانا ہوگا موعود ہیں انجیل	فرشتے آئے رحمۃ للعالمین بشیر و نذیر قرآن

خصوصیات کے نقشے میں آنحضرت کے لیے معجزات کا خانہ خالی چھوٹ رہا ہے۔ امامیہ مشن کو معجز نمائی کا دعویٰ ہے تو اس کی خانہ پری فرما دیجئے۔

www.kitabmart.in

عیسیٰ نے معجزات دکھلائے مگر آپ کے رسول نے کوئی معجزہ نہیں دکھایا بلکہ معجزے کی خواہش دل میں رکھنے پر عتاب ہوا۔

(الجواب)

قرآن میں لا تقربوا الصلوٰۃ دیکھ کر یہ کہنا کہ قرآن کی بین آیت میں نماز کے ترک کا حکم موجود ہے اور ویل للمصلّین دیکھ کر یہ کہنا کہ قرآن میں نماز گزاروں کو سزا کی دھمکی دی گئی ہے۔ ما انا الا بشر مثلکم دیکھ کر یہ کہنا کہ قرآن کی بین آیت سے ثابت ہے کہ حضرت محمد مصطفےٰ بالکل عام انسانوں کی طرح تھے۔ آپ کے لیے کوئی خصوصیت نہیں تھی لا الٰہ دیکھ کر یہ کہنا کہ قرآن میں خود خدا کا انکار اور مادیں کے نقطۂ نظر کی حمایت موجود ہے۔ لا یشفعون دیکھ کر یہ کہنا کہ قرآن میں شفاعت کی مطلقاً نفی کی گئی ہے۔ وما ینطق کی لفظ پیش کر کے یہ ثبوت دینا کہ رسول اللہ کبھی بات کرتے ہی نہیں تھے یہ سب تو ہم کہا جائے تو اگر یہ تو ہم خدا کا ہو اور اس کا ذمہ دار کلام اللہ ٹھہرے تو بے شک حضرت عیسیٰ کے متعلق آیات کو پیش کر کے یہ ثابت کرنا کہ یہ حضرت عیسیٰ کے خصوصیات ہیں اور اس لیے ہمارے رسول سے وہ افضل ہیں "خدا کا تو ہم" ہو گا اور اس کا ذمہ دار کلام اللہ ٹھہرے گا

www.kitabmart.in

لیکن اگر وہ سب توہم خدا کے نہیں بلکہ کلام خدا کے غلط معنی سمجھنے والے آیات قرآنی میں سے آدھے جزو کو لے کر دوسرے جزو کو ترک کر دینے والے بعض آیات کو سامنے رکھ کر دوسرے آیات کو نظر انداز کر دینے والے کا توہم ہے تو اسی طرح حضرت عیسیٰ کے متعلقہ آیات سے ہمارے رسول کے مقابلہ میں عیسیٰ کی فضیلت ثابت کرنا خدا کا توہم نہیں ہے اور نہ کلام الٰہی اس کا ذمہ دار ہے بلکہ یہ اپنی سمجھ کا پھیر اور اپنی ناقص عقل کا توہم ہے جدید توہم کا بھی نقشہ ملاحظہ کیجئے۔

تلک الرسل فضلنا بعضھم	اس کا صحیح ترجمہ یہ ہے
علیٰ بعض منھم من کلم اللہ	وہ پیغمبر ہیں جن میں سے بعض کو
ورفع بعضھم درجات	بعض پر ہم نے فضیلت دی ہے ان میں سے
واتینا عیسیٰ بن مریم البینات	ایسے بھی ہیں جن سے خدا نے بات
وایدناہ بروح القدس	کی اور اُن میں سے بعض کو بہت
(پ ۳ بقر)	درجے بلند کیا ہے اور عیسیٰ کو ہم نے

معجزات عطا کئے اور روح القدس سے اُن کی امداد کی۔

اس سے یہ نتیجہ نکالا گیا ہے کہ کلیم اللہ اور روح اللہ کا سا فضائل انبیاء معجزنما۔ رفیع الدرجات کوئی اور نبی نظر نہیں آتا۔ اب دیکھئے کہ منھم من کلم اللہ سے کلیم اللہ لے لیجئے اور واتینا عیسیٰ بن مریم کا ٹکڑا روح اللہ سے

www.kitabmart.in

متعلق لے لیجئے تو درمیان میں پھر بھی رفع بعضھم درجات کا جزو موجود ہے جو نہ کلیم اللہ سے متعلق ہے ورنہ بعضھم کی لفظ دوبارہ لانے کی ضرورت نہ ہوتی اور نہ روح اللہ سے متعلق ہے کیونکہ اُن کا ذکر نام کی صراحت کے ساتھ بعد کو ہے اور چونکہ اس بعض کے متعلق یہ کہا گیا ہے کہ اُن کو ہم نے بہت درجے بلند کیا ہے اس لیے معلوم ہوتا ہے کہ وہ کلیم اللہ اور روح اللہ دونوں سے افضل اور رفیع الدرجات ہے۔ اس کے علاوہ منھم من کلم اللہ کے جزو کو موسیٰ سے مخصوص قرار دینا بھی سمجھنے والے کا توہم ہو سکتا ہے اس لیے کہ قرآن کی آیت بین میں کہا گیا ہے کہ کلام اللہ کی مختلف صورتیں ہوتی ہیں منجملہ اُن کے ہے۔ (وحیا او من وراء حجاب) "بصورت وحی یا از پس پردہ" اور اس بنا پر ہمارے رسول بھی منھم من کلم اللہ میں داخل ہیں بلکہ آپ مختلف اقسام کلام کے جامع ہیں اس لیے حضرت موسیٰ سے آپ افضل اور رفیع الدرجات ہیں۔

دوسرے توہم کی بھی حقیقت ملاحظہ ہو۔

"عیسیٰ بن مریم کو باعزت کیا دنیا و آخرت میں اور مقرب بندوں میں ہیں" اس میں یہ کہاں ہے کہ سوائے عیسیٰ کے کسی کو عزت دی ہی نہیں اور مقرب ہونا اُن کی کوئی مخصوص صفت ہے۔ حالانکہ قرآن میں تو

www.kitabmart.in

تمام بنی آدم کے لیے ارشاد ہوا ہے۔

ولقد کرمنا بنی آدم "ہم نے اولاد آدم کو باعزت کیا"، پھر اس میں عیسیٰ کی خصوصیت کیا رہی، رہ گیا مقرب ہونا تو ہمارے رسول پر ایمان لانے والوں کے باب میں ارشاد کیا:۔ السابقون السابقون اولئک المقربون پھر اس آیت سے عیسیٰ کی فضیلت پر استدلال ہمارے رسول کے مقابلہ میں کس کا وہم قرار پاتا ہے؟

اب زرا عیسیٰ کے لیے جو آیۂ تطہیر درج کی گئی ہے اُسے دیکھئے یا عیسیٰ انی متوفیک ورافعک الیّ ومطھرک من الذین کفروا اس میں رجس و گناہ وغیرہ سے طہارت کا کوئی ذکر نہیں ہے بلکہ کافروں کی جماعت سے تطہیر یعنی علیحدگی کا ذکر ہے اور مریم کے لیے جو آیۂ تطہیر ہے اُس میں صرف (طھرک) کی لفظ ہے مگر مطلق تطہیر اور حق تطہیر میں جو بیّن فرق تطھیرا سے ثابت ہے بڑا فرق ہے۔

اگر فقط نسبت تطہیر ہی کا استعمال آیت تطہیر کا معیار ہے تو ہمارے رسول کی تمام اُمت یعنی جماعت اسلامی کو مخاطب کر کے ارشاد کیا ہے یرید اللہ ان یطھرکم اس لیے جو بات عیسیٰ اور حضرت مریم کے لیے کہی گئی ہے وہ ہمارے پیغمبر کی اُمت میں ہر شخص کے لیے ہے۔

(۱) عیسیٰ کے روح اللہ ہونے کے مقابلہ میں آدم کی خصوصیت

www.kitabmart.in

کو یہ کہہ کر ٹالنا کہ ان کو نافرمانی کی وجہ سے کوئی خصوصیت نہیں ہے عیسیٰ کی خصوصیت کو اور گھٹانا ہے کیونکہ جو بات بزعم معترض ایک نافرمان کو حاصل ہو سکی وہ اگر عیسیٰ کو بھی حاصل ہوی تو بات ہی کیا ہوی یہ کہنا کہ ابراہیم موسیٰ عیسیٰ سب ہی پر فرشتے آئے۔ سب ہی منزل روح ہیں۔ اس لیے درست نہیں ہے کہ فرشتے آئے ہوں مگر ہر فرشتہ روح نہیں ہے اسی لیے تنزل الملائکۃ والروح میں فرشتوں کا نام الگ لیا گیا ہے اور روح کا نام الگ۔ اس کے علاوہ سب پر آئے ہوں مگر قرآن میں تو اوروں کے لیے اس کا ذکر نہیں ہے اگر ایسا ہی ہے تو ہم کہہ سکتے ہیں کہ بحیثیت شرف روح اللہ ہونا عیسیٰ سے مخصوص نہیں بلکہ آدم سے لے کر خاتم تک ہر نبی کی روح مقام شرف میں خدا کی طرف منسوب ہونے کے لائق تھی۔

اب رہا ایسی فضیلت کا آنحضرت کی نسبت قرآن سے ثابت ہونا تو ایسی ہی نہیں بلکہ اس سے بلند تر فضیلت آنحضرت کے لیے قرآن سے ثابت ہے۔

ہر ایک شخص جانتا ہے کہ روح جبد سے اشرف ہے۔ عیسیٰ کی تو فقط روح کو اپنی طرف منسوب کیا اور ہمارے پیغمبر کی روح کا کیا تذکرہ ان کے جبد تک کو اپنی طرف منسوب کیا۔ ارشاد کیا:۔ ان الذین یبایعونک

www.kitabmart.in

انما یبایعون اللہ ید اللہ فوق ایدیھم "یہ لوگ جو تم سے بیعت کرتے ہیں حقیقت میں اللہ سے بیعت کر رہے ہیں۔ اللہ کا ہاتھ ان کے ہاتھوں کے اوپر ہے"

اور اسی لیے آپ کے عمل کو اپنی طرف منسوب کیا۔

وما رمیت اذ رمیت ولکن اللہ رمیٰ "تم نے کنکریاں نہیں پھینکیں بلکہ اللہ نے پھینکیں" اور آپ کے قول کو بھی اپنی طرف منسوب کیا۔ وما ینطق عن الھویٰ ان ھو الا وحی یوحیٰ"

اس قسم کی فضیلت آنحضرت کے علاوہ کسی دوسرے کے لیے نہیں ہے

(۲) عیسیٰ کا بغیر باپ کے پیدا ہونا اگر صرف خصوصیت مان لیا گیا ہے تو خصوصیتیں ہمارے پیغمبر میں بھی بہت تھیں۔ یہی خصوصیت کیا کم ہے کہ امیین میں سے ہوتے ہوئے معلم کتاب و حکمت قرار پائے۔

یہ خصوصیت بھی ہے کہ ام القریٰ یعنی مکہ میں پیدا ہوئے۔ یہ خصوصیت بھی ہے کہ اولاد اسمٰعیل میں سے نبوت کے حامل ہوئے۔ یہ خصوصیت بھی ہے کہ آپ کے والد بزرگوار کا زمانۂ حمل ہی میں انتقال ہو گیا اور آپ ماں کے پیٹ ہی سے یتیم پیدا ہوئے۔ وغیرہ وغیرہ۔ خصوصیتیں بے شمار ہیں۔

(۳) عیسیٰ کے صرف والدہ کو صدیقہ کہا اور ہمارے پیغمبر کے تمام

www.kitabmart.in

گھر والوں کو مطہر ہونے کی سند دی گئی (انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت ویطھرکم تطھیرا) اور آپ کے تمام آباؤ اجداد کو "ساجدین" کا خطاب دیا (تقلبك فی الساجدین) اور آپ پر ایمان لانے والوں کو "صدیقون" کا لقب دیا (اولئك ھم الصدیقون)

(۴) حضرت عیسیٰ کی نبوت کا اظہار تو صرف اُسی وقت ہوا جب آپ شکم مادر سے متولد ہو چکے تھے اور ہمارے رسول کی رسالت کا اظہار اور اس پر ایمان لانے کا قول و قرار تمام انبیاء سے اُس وقت لیا گیا جبکہ آپ بظاہر بالکل کتم عدم میں تھے (واذ اخذ اللہ میثاق النبیین لما اٰتیتکم من کتاب وحکمۃ ثم جاءکم رسول مصدق لما معکم لتؤمنن بہ ولتنصرنہ) کتاب و ایمان سے عدم واقفیت مادی ذرائع کے اعتبار سے تھی لیکن تعلیم الٰہی سے شرح صدر حضرت کا زمانہ رضاعت ہی میں ہو گیا تھا (الم نشرح لك صدرك)

(۵) یہ غلط ہے کہ خدا کی دی ہوئی ہر چیز اعجاز ہے۔ اعجاز وہ ہوتا ہے جو اثبات رسالت کے لیے بطور دلیل پیش کیا جائے ۔۔۔ انبیاء کے معجزات اور چیزیں تھیں جیسے عصا۔ ید بیضا وغیرہ۔ توریت اور انجیل کو اثبات نبوت کے لیے بطور دلیل نہ موسیٰ اور عیسیٰ نے پیش کیا نہ وہ اُن کا معجزہ قرار پائیں۔

www.kitabmart.in

اگر ایسا ہی ہو کہ خدا کی دی ہوئی ہر چیز معجزہ ہے تو ہر شخص کو اس نے آنکھیں دی ہیں کان دیے ہیں۔ مختلف حواس ظاہری و باطنی دیے ہیں۔ یہ سب ہر شخص کے لیے معجزہ ہی قرار پائیں۔ ایسا تو نہیں ہے معلوم ہوا کہ جو شے خدا کی طرف سے بطور دلیل نبوت دی گئی ہو وہ معجزہ ہے۔ ہر چیز معجزہ نہیں ہے۔

(۶) چونکہ حضرت مریم پر ایک الزام عاید کیا جا رہا تھا اور وہ غلط تھا اس لیے صفائی پیش کرنے کی ضرورت تھی اور جہاں خدانخواستہ کوئی اس طرح کے الزام کی (باقرار رسائل) گنجائش نہ ہو وہاں اس طرح کی صفائیاں پیش کرنے کی ضرورت بھی نہیں۔ رہ گئے خصوصیات و فضائل وہ ہمارے رسول کے کثرت سے ہیں جن میں سے بعض کا تذکرہ پہلے ہوا اور بعض کا نقشۂ معجزات و خصوصیات میں بعد کو ہوگا۔ تمام انبیاء اپنی امتوں کے گواہ اور ہمارے پیغمبر ان تمام انبیاء کے گواہ ہیں یہی خاص فضیلت کیا کم ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ جو نسبت تمام امتوں کو انبیاء کے ساتھ ہے وہ نسبت تمام انبیاء کو ہمارے رسول کے ساتھ ہے

(۷) وقتی معجزات رسول کے بہت تھے جو ویسے ہی ذرائع سے ثابت ہوئے ہیں کہ جن سے دوسرے انبیاء کے معجزات ثابت ہوئے اور ان سب کے علاوہ باقی نشانی قرآن ہے۔ موسیٰ کی تورات اور عیسیٰ کی انجیل

www.kitabmart.in

جو اثبات نبوت کے لیے کافی ہوتی آج باقی نہیں اور آج جو تورات و انجیل عام ہاتھوں میں ہے وہ بجائے سچائی ظاہر کرنے کے اُن کی نبوت اور سچائی کو ناواقف انسانوں کے لیے مشکوک بنانے کا ذریعہ ہو سکتی ہے۔

(۸) یہ بالکل غلط ہے کہ آنحضرت کو کوئی معجزہ عطا نہیں ہوا۔ قرآن کی تیس آیتیں گواہ ہیں۔ دیکھئے معجزات کی بحث جو آئندہ مذکور ہوگی

(۹) نشانۂ ظلم و ستم ہونا یا مبتلائے مصائب ہونا کسی سچے نبی کی توہین نہیں بلکہ رفعت مراتب کا ذریعہ ہے۔ دوسرے سچے رہنما بھی اس طرح کے بہت سے مصائب میں مبتلا ہوئے۔ دنیا بھر کی تاریخیں گواہ ہیں

(۱۰) تمام اہل کتاب کا عیسیٰ پر ایمان لانا بھی وعدہ ہی ہے اور دین محمدی کا غالب ہونا بھی وعدہ ہے۔ پورا ابھی تک نہ وہ ہوا ہے (کیونکہ یہود اب تک منکر ہیں) اور نہ یہ۔ جو قرآن پر ایمان لائے اُسے انتظار دونوں ہی باتوں کا لازم ہے۔ اچھے کام کرنے والوں سے وعدہ مطلق نہیں بلکہ الذین اٰمنو۔ منکم کی قید ہے جس کے مخاطب مسلمان ہیں اور وعدہ میں لیمکنن لھم دینھم الذی ارتضیٰ لھم کا جزو داخل ہے اور دین منتخب کے لیے بتا دیا گیا ہے کہ وہ اسلام ہے (ان الدین عند اللہ الاسلام) اس لیے موسائیوں یا عیسائیوں کے غلبہ سے یہ وعدہ پورا نہیں ہو سکتا۔

www.kitabmart.in

(۱۱) عیسیٰ اور اُن کی ماں کے لیے روح القدس جبرئیل عام آدمیوں کے سامنے کب آئے؟ اور فرشتوں کی خوشخبری دوسروں کے کانوں تک کب پہونچی مگر جس نے اس کی اطلاع دی، اُسی نے آنحضرتؐ کی امداد کو ہزاروں فرشتوں کا آنا بتلایا۔ وہ بھی چھپ کر ہوا اور یہ بھی چھپ کر اور خدا بھی نظروں سے چھپا ہوا نظام خلائق میں کارفرما ہے اور یونہی امام بھی نفع پہونچاتے ہیں غیبت میں (یعنی چھپ کر) پھر اس میں اعتراض کیا؟

(۱۲) قرآن میں کہیں نہیں کہ عیسیٰ کی رفعت بیداری میں تھی اور آنحضرتؐ کی معراج خواب میں بلکہ الفاظ یکساں ہیں اس لیے اگر وہ رفعت بیداری میں تھی تو یہ معراج بھی بیداری ہی میں سمجھی جانا چاہیئے اور یہ خواب میں تھی تو وہ بھی خواب ہوگا پھر بھی رفعت کے مرتبہ کی بلندی سے فضیلت قائم ہے۔

(۱۳) ماننے والوں کے لیے حضرت عیسیٰ بھی متوفیک ورافعک ومطہرک ہیں قرآن سے اور بارھویں امام بھی غائب ہیں۔ تو قرآن سے (ولکل قوم ھاد) اور یؤمنون بالغیب امامت وغیبت دونوں کی سند ہے اور نہ ماننے والوں کے لیے۔ نہ یہ قرآن سے ثابت نہ وہ۔ یہاں نام کی صراحت نہیں تو وہاں رفعت جسمانی کی تصریح نہیں اور نہ زندگی کا تذکرہ بلکہ متوفیک سے موت آنے کا شائبہ۔ رہ گئی رفعت مرتبہ

www.kitabmart.in

وہ سب ہی انبیاء بلکہ مومنین اور صالحین کو حاصل ہے۔ عیسیٰ کی کوئی خصوصیت

(۱۴) حضرت عیسیٰ کے پیروؤں کو ان کے منکروں یعنی یہودیوں پر غالب رہنے کا وعدہ ہے تو دین ختمی مرتبت کو تمام ادیان پر غالب رکھنے کا قطعی وعدہ کیا گیا ہے اور حقیقی متبع عیسیٰ کے تو مسلمان ہیں جنھوں نے اُن کی بشارتوں کو جو اپنے بعد والے نبی کے لیے تھیں مانا اور اُن کا اتباع کیا۔ نہ کہ نصاریٰ جنھوں نے نہ عیسیٰ کی بشارتوں کو تسلیم کیا، نہ اُن کی واقعی تعلیم کو برقرار رکھا۔ بلکہ اُنھیں خدا کا بیٹا کہہ کر اُن کی نافرمانی کی اور اُن کو بے وجہ بدنام کر دیا۔

(۱۵) قرآن تو دائمی ہے اس لیے کہ خاتم النبیین کو ملا ہے جس کے بعد کوئی نبی آنے والا نہیں اور چونکہ نبوت دائمی اس لیے شریعت بھی دائمی اور کتاب بھی دائمی لیکن انبیائے ماسبق کی شریعت دائمی نہ تھی۔ تو اُن کی کتاب کو دائمی ماننے کی کیا ضرورت ہے؟

(۱۶) عیسیٰ کو نہ ماننے والی جماعت (جس میں تمام یہود۔ پارسی بودھ۔ ہندو بحیثیت مجموعی داخل ہیں) عیسیٰ پر ایمان لانے والی جماعت سے بھی زیادہ ثابت ہے تو پھر اگر عیسیٰ پر ایمان لانیوالی جماعت ہماری جماعت سے زیادہ ہو تو فضیلت کیا ثابت ہوگی۔ رہ گئی خلافت فی الارض نہ وہ کثرت تعداد سے ہے، نہ وقتی غلبہ و تسلط سے بلکہ اس کا معیار ایمان اور عمل صالح کے ساتھ اللہ کی بلا شرکت غیر

www.kitabmart.in

عبادت ہے (یعبد دنی لا یشرکون بی شیئا) جب بھی سامنے آئے
خلافت فی الارض تو وہی ہوگی۔

(۱۷) عیسیٰ کو عمر بھر میں ۹ عدد ساتھی ملے وہ بھی غریب، کمزور ماہی گیر۔ ملک و مال ملتا نہ چھوتے، تلوار ہاتھ میں آتی اور مددگار ملتے پھر مخالفوں سے مقابلہ نہ کرتے تو سند ہوتا۔ آنحضرت نے خدا سے بغاوت کرنے اور چڑھائی کر کے اپنے مقابل آنے پر دشمنوں کو قتل کیا۔ ملک چھینا تو بُتوں کے پنجے سے اچھوں کو چھٹکارا دیا اور مال غنیمت لوٹا تو معاصی خدا کے بجائے نیک اعمال صرف کرنے کے لیے خدا کے نیک بندوں کو تقسیم کیا اور دوسروں کو اپنا بندہ بنانے والوں کو اُن کے جرائم کی سزا میں بندہ بھی بنایا تو قدم قدم پر رہائی کے لیے بہانے قرار دیدیئے تو بُرا کیا کیا؟

(۱۸) خلق خدا کو بیجا تکلیف پہونچانا کسی نبی خدا کا کام نہیں ہو سکتا مگر حق کی اشاعت کا ہر قدم باطل پرستوں کے لیے انتہائی تکلیف کا باعث ہے عیسیٰ کو اگر تکلیف نہ پہونچتی تو سولی دینے پر کیوں تیار ہو جاتے؟ انسانی ہمدردی میں پھر بھی اس پیغمبر کا نظیر کون ہو سکتا ہے جو خلق عظیم کے درجہ پر فائز اور رحمۃ للعالمین بنا کر بھیجا گیا ہے۔

(۱۹) عورتوں سے علیحدہ رہنا کوئی فضیلت نہیں، ایسا عمل ہے جس کی تقلید اگر دنیا کرنے لگے تو نوع انسانی فنا ہو جائے۔ اگر کہو کہ

www.kitabmart.in

فضیلت نہیں خصوصیت تو ہے" تو ہم کہتے ہیں کہ چار سے زیادہ ازواج رکھنا بھی عدالت کی حفاظت کے ساتھ ایک خصوصیت ہے اور اس تعداد کے باوجود حفظ عدالت بڑی فضیلت بھی ہے۔ حضرت عیسٰی کے معجزات مفاد عامہ کے لیے تھے اور حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ھدی وشفاء ورحمۃ للمؤمنین لے کر آئے تھے۔ یہ باتیں کب مفاد عامہ سے خارج ہیں؟

نقشہ معجزات وخصوصیات جو پیش کیا گیا ہے اس میں ۲ دو معجزے حضرت ابراہیم کے اور دس خصوصیات۔ ۹ معجزے حضرت موسٰی کے اور آٹھ خصوصیات۔ پانچ معجزے حضرت عیسٰی کے اور دس خصوصیات پیش کیے گئے۔

ان کے بالمقابل معجزات وخصوصیات حضرت محمد مصطفےٰ ذیل کے نقشے میں درج کیے جاتے ہیں جو تعداد میں ان سب سے زیادہ ہیں۔

معجزات وخصوصیات حضرت محمد مصطفےٰ از قرآن

	معجزات					خصوصیات			
۱	آپ کو اطلاع دی گئی کہ یہود ہمیشہ کے لیے ذلت ومسکنت ڈال دی گئی ہے آج	۱	۲	۶۱	۱	اہل کتاب آپ کے آنے کے پہلے سے کافرین کے مقابلے میں آپ کے ذریعے	۱	۱	۸۹

www.kitabmart.in

نمبر شمار	معجزات	پارہ	رکوع	آیت	نمبر شمار	خصوصیات	پارہ	رکوع	آیت
	ساڑھے تیرہ سو برس کی تاریخ اسکی تصدیق کر رہی ہے					سے فتح و نصرت کی امیدیں کیا کرتے تھے۔			
۲	آپ کو خبر دی گئی کہ عیسیٰ کے تابعدار (یعنی مسیحی اور مسلمان) منکروں (یعنی یہود) پر ہمیشہ کیواسطے غالب قرار دیے گئے ہیں اُس وقت سے آج تک کی تاریخ اسکی صحت کی گواہ ہے۔	۳	۳	۵۵	۲	حضرت ابراہیم نے خدا سے دعا کی کہ میری اولاد میں اُمت مسلمہ مقرر کی جائے اور اُن میں ایک رسول مبعوث ہو جو تعلیم کتاب و حکمت دے۔	۱	۱	۱۲۹
۳	غیب کی خبریں آپ کو دی گئیں جن کا دنیاوی ذرائع سے آپ کو اور آپ کی قوم کو کوئی علم نہ تھا	۱۲	۱۱	۴۹	۴	آپ اپنے مخالف (نصاریٰ) سے مباہلہ کے لیے نکلے اور انھیں شکست دی۔	۳	۳	۶۱
۴	ایک رات میں آپ کو مسجد الحرام سے مسجد الاقصیٰ تک سیر کرائی گئی	۱۵	۱۷	۱	۴	تمام اگلے نبیوں سے آپ کی نبوت کا میثاق لیا گیا	۳	۳	۸۱
۵	آپ کو خواب میں آئندہ ہونیوالی سلطنت بنی امیہ کی اطلاع دی گئی	۱۵	۱۷	۶۰	۵	ہزاروں فرشتوں کی فوج امداد کے لیے آئی۔	۴	۳	۳۴
۶	سیکڑوں شاداب اور زرخیز بستیاں	۲۰	۲۸	۵۹ و ۵۸	۶	آپ تمام پیغمبروں پر گواہ کی	۵	۴	۴۱

www.kitabmart.in

نمبر	معجزات			نمبر	خصوصیات			
	جنھیں دنیا والوں نے آباد				حیثیت رکھتے ہیں			
	کیا برباد ہو گئیں لیکن ایک بے آب			۷	گنہگاروں کے لیے آپ کو شفیع	۵	۴	۶۴
	گیاہ سرزمین کے شہر (مکہ) کیلئے				قرار دیا۔			
	وعدہ کر لیا گیا کہ ہم اسے اسلام			۸	آپ عرصہ تک رسولوں کا	۶	۵	۲۰
	کا مرکز مستقل باقی رکھیں گے				سلسلہ بند رہنے (زمانۂ فترت			
	جہاں تمام ممالک کے رزق کھنچ				کے بعد تشریف لائے تھے			
	کر آتے رہیں گے یہ وعدہ دیکھ لو			۹	آپکی کتاب گزشتہ کتابوں کے	۶	۵	۴۹
	ڈیڑھ ہزار برس گزرنے پر بھی کس				مضامین کی نگہبان ہے۔			
	طرح پورا ہو رہا ہے۔			۱۰	آپ کا ذکر توریت و انجیل	۹	۷	۱۵۷
۷	اہل فارس روم پر غالب آئے	۲۱	۳۰	۲ تا ۴	دونوں میں مندرج تھا۔			
	مگر پیغمبر کی زبانی پیشین گوئی			۱۱	آپ نے بہت سے سخت	۹	۷	۱۵۷
	ہوئی کہ چند سال میں اہل روم پھر				احکام کا بوجھ جو لوگوں کی			
	غالب آجائینگے چنانچہ ایسا ہی واقع ہوا				گردن پر تھا اور وہ پھندے			
۸	آپ کو فتح مکہ کی	۲۶	۴۸		جو اُن پر تھے ان سے ہٹا دیئے			
	پہلے سے خواب میں اطلاع			۱۲	آپ کے کام کو خدا نے	۹	۸	۱۷
	دی گئی جس سے آپنے مسلمانوں				اپنا کام کہا			

www.kitabmart.in

نمبر شمار	معجزات	سورۃ	رکوع	آیت	نمبر شمار	خصوصیات	سورۃ	رکوع	آیت
	کو آگاہ کر دیا اور پھر اُس کے مطابق ظاہر ہوا				۱۳	آپ کی اُمت دنیا میں نزول عذاب سے بری قرار دی گئی	۹	۸	۳۳
۹	آپ افق اعلیٰ سے بڑھ کر دو کمان بلکہ اس سے کم کے فاصلہ تک مرکز جلال سے پہونچے	۲۷	۵۳	۷ تا ۹	۱۴	آپ کے دین کو تمام ادیان پر غالب کرنے کا وعدہ ہوا	۱۰	۹	۳۳
۱۰	چاند آپ کے لیے دو ٹکڑے ہوا	۲۷	۵۳	۱	۱۵	اللہ نے آپ کی مدد کی اور آپ پر سکون نازل فرمایا۔	۱۰	۹	۴۰
۱۱	دو بیویوں نے آپس میں چپکے چپکے کچھ باتیں کیں خدا نے اس کی اطلاع پیغمبر کو دے دی اور آپ نے اس کا اظہار فرما دیا۔	۲۸	۶۶	۳	۱۶	اللہ آپ کو خفیہ باتوں کی اطلاع دیتا تھا	۱۱	۹	۹۴
					۱۷	آپ تمام جہانوں پر مبعوث تھے	۱۸	۲۵	۱
					۱۸	آپ خاتم النبیین تھے	۲۲	۳۳	۴۰
۱۲	آپ نے اعلان کیا کہ اگر میں سچا رسول نہ ہوں تو میری گردن تلوار سے قطع ہو گی باوجود یکہ آپ برابر لڑائیوں میں شریک رہے اور خطروں کے اوقات میں ٹھہرے رہے اور دشمنوں میں چاروں طرف	۲۹	۶۹	۲۴ تا ۲۶	۱۹	ازواج رسول سے بیوہ ہونے کے بعد بھی کسی کو عقد جائز نہیں	۲۲	۳۳	۵۳
					۲۰	اللہ اور اُس کے ملائکہ رسول پر درود بھیجتے ہیں۔	۲۲	۳۳	۵۶
					۲۱	جنات نے آپ سے قرآن کے آیات سُنے اور ایمان لائے	۲۶	۴۶	۲۹

www.kitabmart.in

نمبر شمار	معجزات	۲۵	۲۵	۲۵	خصوصیات	۲۵	۲۵	۲۵
	سے گھرے اور زخمی بھی ہوئے			۲۲	آپ کا ہاتھ خدا کا ہاتھ ہے	۲۶	۴۸	۱۰
	لیکن تلوار سے شہید نہیں ہوئے			۲۳	آپ خواہش نفس سے کلام نہیں	۲۷	۵۲	۳ و ۴
	اور جو آپ نے اعلان کیا تھا				کرتے بلکہ وحی کی بنا پر بات			
	وہ پورا ہوا۔				کرتے تھے			
۱۲	آپ غیب کی خبریں دیتے تھے	۲۰	۲۲	۲۴	آپ نے عالم ملکوت میں اپنے	۲۷	۵۲	۱۸
۱۴	آپ کے فرزند زندہ نہ رہتے تھے	۲۰	۱۸	۱ و ۳	رب کی بڑی نشانیاں دیکھیں			
	اور آپ کے دشمنوں کی نسل کثرت							
	سے موجود تھی مگر آپ کی زبانی							
	پیشین گوئی کی گئی کہ آپ کی نسل							
	دنیا میں کثرت سے رہے گی اور							
	آپ کے دشمن مقطوع النسل							
	ہو جائیں گے آج دونوں							
	پیشین گوئیوں کی تصدیق							
	دنیا کے سامنے ہے۔							
	∴ ∴ ∴							
	∴							

نمبر شمار	خصوصیات	۲۵	۲۵	۲۵
	آپ کا ہاتھ خدا کا ہاتھ ہے	۲۶	۴۸	۱۰
	آپ خواہش نفس سے کلام نہیں	۲۷	۵۲	۳ و ۴
	کرتے بلکہ وحی کی بنا پر بات			
	کرتے تھے			
	آپ نے عالم ملکوت میں اپنے	۲۷	۵۲	۱۸
	رب کی بڑی نشانیاں دیکھیں			
	یعنی آپ کی بشارت دینے کے	۲۸	۶۱	۶
	لیے دنیا میں مبعوث ہوئے تھے			
	آپ امیین کے گروہ میں	۲۸	۶۲	۲
	بھیجے گئے			
	آپ مثیل موسیٰ ہیں	۲۹	۷۳	۱۵
	آپ کا سینہ کشادہ کیا گیا	۳۰	۹۴	۱
	آپ کا ذکر بلند کیا گیا	۳۰	۹۴	۴
	آپ کی امت کو عبادت کے لیے	۳۰	۹۷	۲
	ایک رات ایسی عطا ہوئی جو ہزار مہینوں			
	سے بہتر ہے			
	آپ کے دین میں لوگ فوج در فوج داخل ہونگے	۳۰	۱۱۰	۲

www.kitabmart.in

حقیقت میں ایک نبی خدا کی زندگی اپنے دور میں خود دنیا کے سامنے ہوتی ہے اور وہ خود اپنے فضائل کا مرقع ہوتی ہے - ایک نبی بلکہ کسی شخص کا یہ مستقل کام نہیں ہو سکتا ہے کہ وہ اپنے فضائل خود بیان کرتا رہے جبکہ اس کی تعلیم بھی یہ ہو کہ اپنی تعریفیں خود نہیں کرنا چاہئیں - ہاں بعد والے معلمین اپنے پیشرو کے فضائل و اوصاف منکر یا ناواقف افراد کے سمجھانے اور بتلانے کے لیے بیان کرتے ہیں - اس بنا پر موازنہ کا یہ اصول ہی بالکل غلط ہے کہ عیسیٰ کے فضائل جو حضرت ختمی مرتبت نے قرآنی کلام کے ذریعہ بیان فرمائے اُن کا مقابلہ کیا جائے حضرت کے اُن فضائل و اوصاف سے جو آپ نے خود اپنے لیے بضرورت کبھی کبھی بیان فرمائے ہیں بلکہ صحیح موازنہ کا طریقہ یہ ہے کہ عیسیٰ کے اوصاف جو قرآن میں درج ہیں اُن کا موازنہ کیا جائے حضرت ختمی مرتبت کے اُن اوصاف سے جو آپ کے بعد کے رہنمایان دین نے آپ کے بارے میں ذکر فرمائے ہیں - یہ خیال کرنا کہ احادیث کی سند کے اعتبار سے وقعت نہیں اس لیے غلط ہے کہ چاہے قرآن کے مقابلہ میں احادیث کی سند کمزور ہو مگر یہ دعوے کے ساتھ بیباکانہ دلیل کہی جا سکتی ہے کہ ہمارے احادیث کا درجہ سند و اعتبار کے لحاظ سے اُس سے کم نہیں ہے جتنا کہ عیسیٰ کی انجیل کا درجہ ہو سکتا ہے پھر جبکہ انجیل کو اُس کی سندی حیثیت کے ساتھ معترض مانتی اور ردی سمجھتا ہے (بقیہ صفحہ ۳۹) تو احادیث کے وقعت و اعتبار میں بھی کیا شک ہو سکتا ہے -

www.kitabmart.in

گزشتہ نقشہ سے ثابت ہو گیا کہ حضرت محمد المصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خصوصیات جو قرآن کریم میں مندرج ہیں وہ تمام انبیاء سے زیادہ ہیں اور آپ کے معجزات بھی قرآن کے اندر جو موجود ہیں وہ کسی دوسرے نبی سے کم نہیں ہیں بلکہ ان میں سے بعض نوعیت کے اعتبار سے پہلے کے انبیاء کے معجزات سے بالاتر ہیں۔ مثلاً حضرت عیسیٰ کی غیبی خبریں (جو کچھ لوگ کھاتے تھے اور جو کچھ رکھ چھوڑتے تھے اُسے بتلا دیتے تھے) اُن کی تصدیق کی ہمارے لیے کوئی صورت نہیں ہے مگر حضرت رسول کی دی ہوئی خبروں کی تصدیق خود ہماری آنکھوں کے سامنے ہے اور اس لیے یہ معجزہ بھی ہمارے لیے معجزہ باقی کی حیثیت رکھتا ہے۔ اسی طرح دوسرے انبیاء کی جتنی کارگزاریاں تھیں وہ زمین ہی کے اشیاء سے مخصوص تھیں جیسے اجسام انسانی کو صحیح کرنا یا طائروں کے مجسموں کو طائر بنا کے اُڑا دینا لیکن آپ کی کارگزاری (ماہتاب کو دو ٹکڑے کرنا) عالم بالا یعنی آسمان سے متعلق تھی جس کے متعلق مسلمہ یہ تھا کہ ساحروں کا سحر وہاں اثر نہیں کر سکتا۔ معلوم ہوا کہ جو خصوصیات آنحضرت میں ہیں وہ قرآن کی رو سے ابراہیم، داؤد، موسیٰ، عیسیٰ کسی میں پائے نہیں جاتے اور اُن کے سے نہیں بلکہ اُن سے بالاتر معجزات آنحضرت کے لیے پائے جاتے ہیں علاوہ اس قرآن کے جو خود ہی بجائے خود کافی نشانی ہے اور متعدد قسم کے معجزات کا اکیلا حامل ہے۔

www.kitabmart.in

سوال (۱۱)

(معجزات)

قرآن میں ابراہیم، داؤد، موسیٰ، عیسیٰ کے معجزات کے لیے بیّن آیات ہیں۔" عقل اور مذہب" میں اثبات معجزہ میں جو ۲۸ آیتیں پیش کی گئی ہیں اُن میں کوئی عملی معجزہ مذکور نہیں ہے۔

ان آیتوں میں بجز نصیحت، موعظہ ہدایت کے کوئی غیر معمولی عملی معجزہ دکھایا نہیں گیا ہے۔

قرآن میں آیات و بیّنات کی لفظ سو سے زائد مقام پر آئی ہے جس کے دو معنی ہو سکتے ہیں۔ ایک آیات قرآنی۔ دوسرے معجزے یا نشانی۔ معجزات کی نفی میں جو چودہ آیتیں ہیں وہ عملی معجزات ہیں اور اس میں تمام مترجموں نے آیات کا ترجمہ معجزہ کیا ہے۔

امامیہ مشن نے جو اُس کی دونی ۲۸ آیتیں پیش کی ہیں وہ محض ہدایتیں۔ کتابیں۔ سورے اور آیتیں ہیں۔ آج تک کسی فرقے کے مترجم نے ان ۲۸ آیتوں میں آیات و بیّنات کا ترجمہ معجزہ نہیں کیا ہے بلکہ آیات قرآنی ترجمہ کیا ہے مگر امامیہ مشن نے نہ موقع دیکھا نہ محل۔ نہ صبح دیکھی نہ شام۔ تمام آیتوں میں آیات کا ترجمہ معجزہ کر ڈالا۔ خود معجزات کے دلدادہ یا فدائی مولوی فرمان علی

www.kitabmart.in

نے ان آیات کا ترجمہ معجزہ نہیں کیا ہے۔

دیگر انبیاء کے معجزات کلام ربانی کی بین آیتوں نے ہم کو بتائے ہیں اور آنحضرت کے معجزات انسانوں کی زبانی روایتوں نے آپ تک پہونچائے ہیں۔ نفی معجزہ والی آیات میں کوئی کا لفظ ہے جس سے ظاہر ہے کہ کوئی معجزہ تھا ہی نہیں۔ دکھایا کیا جاتا۔

قرآن خدا کا کلام ہونے سے اگر معجزہ ہے تو انزل من قبلک بھی سب معجزہ ہیں۔ فصاحت و بلاغت کے اعتبار سے معجزہ ہے تو خدا کا کوئی کلام فصاحت و بلاغت سے خالی نہیں مانا جا سکتا سب معجزہ ہیں۔

قرآن دائم و قائم معجزہ ہے تو انزل من قبلک بھی دائم و قائم ہیں اُن کو بھی طرح ماننے کا حکم ہے جس طرح قرآن کو وہ کسی آیت سے منسوخ بھی نہیں ہے۔ دائم و قائم ہیں بلکہ مسلمانوں سے زیادہ تعداد میں ان کے ماننے والے صفحہ عالم میں چل پھر رہے ہیں۔

ان چودہ آیتوں کے علاوہ ایک معجزہ شکن آیت اور ملاحظہ ہو

پارہ ۷ سورۂ انعام آیت ۳۶

"اگرچہ ان لوگوں کی روگردانی تم پر ضرور شاق ہے تمہارا بس چلے تو زمین کے اندر کوئی سرنگ ڈھونڈھ نکالو یا آسمان پر سیڑھی لگاؤ اور کوئی معجزہ لا دکھاؤ۔ اگر خدا چاہتا تو ان سب کو راہ راست پر اکٹھا

www.kitabmart.in

کردیا تم ہرگز جاہلوں میں نہ ہونا"

امامیہ مشن کے نزدیک یہ پندرہ آیات بینات اگر معجزہ کی نفی نہیں ہیں تو قرآن سے کوئی معجزہ آنحضرت کے نامزد دکھادے۔

اقتربت الساعۃ وانشق القمر قریب آگئی ساعت اور شق القمر امامیہ مشن کا ارشاد ہے کہ یہ ترجمہ غلط ہے۔ ترجمہ اس کا یہ ہوا کہ قریب آگئی ساعت اور شق ہوا قمر۔

اردو زبان میں آپ اس مرکب اسم کو بجنسہ اسی طرح لکھ رہے ہیں جس طرح کہ میں نے لکھا ہے "شق القمر" اسی طرح کا معجزہ ہے، جس کا مطلب یہ نکلا کہ قمر شق ہونا اسی طرح کا معجزہ ہے نہ کہ شق ہوا قمر اس طرح کا معجزہ ہے قمر شق ہوا کے واقعہ کی صحت پر میں نے تمام جھگڑوں سے ہٹ کر بجنسہ وہی لفظ استعمال کیا ہے جو قرآن میں ہے۔

مانا کہ شق ہوا قمر - ہوا ہوگا کارخانۂ قدرت میں سب ہی کچھ ہوا کرتا ہے مگر قرآن میں یہ کہاں ہے کہ شق القمر آپ نے دکھایا یہ وقتی معجزہ آپ کو عطا ہوا جیسے ابراہیم، داؤد، موسیٰ، عیسیٰ کو معجزات کے ساتھ قرآن دکھا رہا ہے۔

رسوم وقیود کے صفحہ ۲۱ میں امامیہ مشن کا قول ہے کہ ہمارے عام نظام زندگی میں ممکن اور غیر ممکن کے معنی ممکن عادی اور عادۃً غیر ممکن کے ہیں اور خود تبصرہ ۸ صفحہ ۱۰۸ میں طویل العمروں کی طولانی فہرست پیش کی ہے جو بندہ ہی

www.kitabmart.in

قصوں سے لی ہے اور ان قصوں کا نام تاریخ بتایا ہے۔ وہ مذہبی قصے ہرگز تاریخ نہیں کہے جا سکتے جس میں مورخ اپنے عقیدت مندی سے غیر ممکن کو ممکن عادی بنائے جو چیز خود یا اس کی تمثیل مشاہدۂ انسانی میں نہ آسکے وہ ممکن عادی ہرگز نہیں ہے۔ صحیح مان لینا صرف اعتقاد ہے۔ جو چیز انسانی مشاہدوں کے حدود میں ہے وہ ممکن ہے اور قرین عقل مانی جائیگی اور جو چیز مشاہدۂ انسانی سے باہر ہے وہ غیر ممکن عقیدہ کہلائیگی اسمیں معجزہ ہو یا قیامت یہ سب افسانے مشاہدے تک صحیح ہیں ورنہ عقیدت مندان مذہب کا واہمہ ہے۔

(الجواب)

"ابراہیم، داؤد، موسیٰ، عیسیٰ کے معجزات "بین" آیتوں میں ہیں اور رسول اللہ کے معجزات بین آیتوں میں نہیں"

اس بین اور غیر بین کا معیار کیا ہے؟

سرسید احمد صاحب سے پوچھیے تو وہ موسیٰ کے معجزۂ دریا شگافی کی آیت کو غیر بین کہیں گے اس بنا پر کہ اس سے دریا کا جزر و مد مراد ہے کوئی خاص معجزہ نہیں۔ نیاز صاحب فتحپوری سے دریافت کیجئے تو وہ حضرت عیسیٰ کے معجزات والی آیتوں کو غیر بین قرار دیں گے اس بنا پر کہ مردے

www.kitabmart.in

جلانے سے مراد ہے گمراہوں کا ہدایت کرنا اندھے، کوڑھی، جذامی، اچھا کرنے کا مطلب ہے، "علاج روحانی سے امراض کے مبتلا کافروں کو اور گنہگاروں کو شفا دینا اور مٹی کے کھلونوں میں جان ڈالنے سے مراد ہے خاکی نژاد انسانوں میں روح ہدایت پھونک کر ہوائے معرفت میں پرواز کرانا۔

اگر یہ آیتیں ان حضرات کی مذکورہ تاویلوں کے بعد ان انبیاء کے معجزات کے لیے "بیّن" رہتی ہیں تو حضرت رسول کے معجزات کی ثابت کرنے والی آیتیں، کسی منکر کے انکار کی وجہ سے "بیّن" ہونے سے خارج نہیں ہوجائیں گی جبکہ ان سب میں "آیات"، یا "بینات" ہی کی لفظ ہے جس سے مراد اور مقامات پر معجزات لیے جاتے ہیں پھر ان میں "غیر عملی" کی قید کہاں ہے جو یہ کہا جائے کہ ان میں کوئی عملی معجزہ مذکور نہیں ہے۔

الفاظ آیت جبکہ دونوں جگہ یکساں ہیں نفی والے آیات میں بھی "بینات" یا "آیات" کی لفظ ہے۔ اور ثبوت والی آیتوں میں بھی "آیات" اور "بینات" کی لفظ ہے تو اس کا کیا ثبوت ہے کہ وہاں اس کے معنی ہیں "معجزات" یا نشانیاں اور یہاں اس کے معنی ہیں صرف "آیات قرآنی" یہ کہنا کہ "مترجموں نے وہاں آیات کا ترجمہ معجزہ کیا ہے اور یہاں ترجمہ معجزہ نہیں کیا ہے" قرآن کو چھوڑ کے صرف مترجموں کے ترجموں پر

www.kitabmart.in

دارومدار قرار دیتا ہے۔ مگر جو شخص قرآن کے مقابلہ میں احادیث کو اس لیے نہیں ماننا چاہتا کہ وہ جائز الخطا راویوں کے بیانات ہیں وہ مترجموں کے ترجموں کو اصل قرآن کا درجہ دینا چاہتا ہے جبکہ قرآن کے مترجمین بھی غیر جائز الخطا نہیں ہیں اور جس طرح بقول معترض "احادیث نے باہمی اختلاف کی وجہ سے اپنی وقعت کھو دی ہے" اسی طرح مترجموں نے بھی باہمی اختلافات کی وجہ سے اپنی وقعت باقی نہیں رکھی ہے۔ اس کے علاوہ یہ کہنا بھی غلط ہے کہ وہاں مترجموں نے آیات کا ترجمہ معجزہ یا نشانی کیا ہے اور یہاں آج تک کسی فرقہ کے مترجم نے آیات و بینات کا ترجمہ معجزہ یا نشانی نہیں کیا ہے بلکہ آیات قرآنی ترجمہ کیا ہے۔

اور ترجمے نہیں تو مولانا فرمان علی صاحب کا ترجمہ دیکھیے جن کا آپ نے خصوصیت سے نام لیا ہے۔

اٹھائیس ۲۸ آیتوں میں سے حسب ذیل آیات بھی ہیں جن میں آیات کا ترجمہ انھوں نے بھی معجزہ یا نشانی کے ساتھ کیا ہے۔ آیات قرآنی کے ساتھ نہیں کیا ہے۔

(پہلی آیت)

"اے رسول ہم نے تم پر ایسی نشانیاں نازل کی ہیں جو واضح اور روشن ہیں اور ایسے نافرمانوں کے سوا اُن کا کوئی انکار نہیں کرسکتا" سورہ بقرہ

www.kitabmart.in

(دوسری آیت)

"جو (مشرکین) کچھ نہیں جانتے کہتے ہیں کہ خدا ہم سے (خود) کلام کیوں نہیں کرتا، یا ہمارے پاس (خود) کوئی نشانی کیوں نہیں آتی، اسی طرح انھیں کی سی باتیں وہ لوگ کر چکے ہیں جو ان سے پہلے تھے۔ ان سب کے دل آپس میں ملتے جلتے ہیں جو لوگ یقین رکھتے ہیں اُن کو تو اپنی نشانیاں صاف طور پر دکھا چکے (پ ۲ بقرہ آیت ۱۱۸)

(تیسری آیت)

"بھلا خدا ایسے لوگوں کی کیونکر ہدایت کرے گا جو ایمان لانے کے بعد پھر کافر ہو گئے حالانکہ وہ اقرار کر چکے تھے کہ پیغمبر (آخر الزمان) برحق ہیں اور اُن کے پاس واضح اور روشن معجزے بھی آ چکے تھے اور خدا ایسے ہٹ دھرمی کرنے والے لوگوں کی ہدایت نہیں کرتا۔

(پ ۳ آل عمران آیت ۸۶)

(چوتھی آیت)

"اور جب اُن کے پاس کوئی نشانی (نبی کی تصدیق کے لیے) آتی ہے تو کہتے ہیں جب تک ہم کو خود ویسی چیز (وحی وغیرہ) نہ دی جائے گی جو پیغمبران خدا کو دی گئی ہے اس وقت تک تو ہم ایمان نہ لائیں گے اور خدا جہاں (جس کو) میں اپنی پیغمبری قرار دیتا ہے اُسکی (قابلیت وصلاحیت)

www.kitabmart.in

کو خوب جانتا ہے (پ ۸ انعام آیت ۲۵)

(پانچویں آیت)

"جو لوگ اپنے پروردگار کی دہشت سے لرز رہے ہیں اور جو لوگ اپنے پروردگار کی نشانیوں پر ایمان رکھتے ہیں" (پ ۱۸ مومنون آیت ۵۷ و ۵۸)

(چھٹی آیت)

تم کہدو کہ الحمد للہ وہ عنقریب تمھیں اپنی نشانیاں دکھادے گا اور تم انھیں پہچان لوگے" (پ ۲۰ نمل آیت ۹۳)

(ساتویں آیت)

"جب وہ کوئی معجزہ دیکھتے ہیں تو مذاق اڑاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ نہیں ہے مگر کھلا ہوا جادو" (پ ۲۳ صافات آیت ۱۴ و ۱۵)

(آٹھویں آیت)

"اور وہ تم کو اپنی نشانیاں دکھاتا ہے تو تم خدا کی کن کن نشانیوں کو نہ مانوگے" (پ ۲۴ مومن آیت ۸۱)

(نویں آیت)

"مریم کے بیٹے عیسیٰ نے کہا اے بنی اسرائیل میں تمھارے پاس خدا کا بھیجا ہوا آیا ہوں اور جو کتاب توریت میرے سامنے موجود ہے اس کی تصدیق کرتا ہوں اور ایک پیغمبر جن کا نام احمد ہوگا اور میرے بعد آئیں گے ان کی

www.kitabmart.in

خوشخبری سناتا ہوں تو جب وہ پیغمبر (احمد) اُن کے پاس واضح و روشن معجزے لے کر آیا تو کہنے لگے یہ تو کھلا ہوا جادو ہے" (پ ۲۸ صف آیت ۶)

(دسویں آیت)

"اور اہل کتاب متفرق بھی ہوئے تو جب کہ اُن کے پاس کھلی ہوئی دلیل آچکی" (پ ۳۰ بینہ آیت ۴)

اوپر کے تمام ترجمے مولانا فرمان علی صاحب مرحوم کے ہیں اور آپ نے دیکھا کہ ان میں کہیں بھی آیات کا ترجمہ "آیات قرآنی" نہیں ہوا بلکہ معجزہ یا نشانی اور صرف آخری آیت میں دلیل کے ساتھ ہوا ہے اور یہ ظاہر ہے کہ معجزہ دلیل نبوت ہی ہوتا ہے۔

اس کے بعد یہ کہنا کہاں تک درست ہے کہ آج تک کسی فرقہ کے مترجم نے ان ۲۸ آیتوں میں آیات و بینات کا ترجمہ معجزہ نہیں کیا ہے بلکہ آیاتِ قرآنی کیا ہے"

پھر جبکہ آیات کے معنی اتنی جگہ وہ نشانیاں اور معجزہ لکھ چکے ہیں تو اگر بعض جگہ اُنھوں نے ترجمہ میں بھی آیات ہی کی لفظ لکھدی تو اس سے یہ کیسے سمجھا جاسکتا ہے کہ وہاں اُن کی مراد نشانیاں یا معجزے نہیں ہے

مذکورہ آیات اور اُن خصوصی معجزات پر جن کا تذکرہ آیات قرآنی کے حوالہ کے ساتھ نقشہ خصوصیات معجزات میں ہو چکا ہے نظر ڈالنے سے ثابت ہو جاتا

www.kitabmart.in

کہ جس طرح دیگر انبیاء کے معجزات کلام ربانی کی بین آیتوں نے ہم کو بتائے ہیں اُسی طرح آنحضرت کے معجزات بھی کلام ربانی کی بین آیتوں نے ہی بتائے ہیں بے شک کلام ربانی کو افسانہ کہنے والے زمانۂ نزول وحی میں بھی بہت رہے اور اب بھی پائے جا سکتے ہیں اُن کے نزدیک وہ بھی افسانہ ہوں گے اور یہ بھی افسانہ۔

جبکہ آیات مذکورہ سے بطور اجمال اور متعدد آیات (مندرجہ بالا) سے بطور تفصیل معجزات کا ثبوت ہو گیا تو اب جن آیات میں معجزہ کے پیش کرنے سے انکار کیا گیا ہے وہ خصوصی اور فرمائشی ہی معجزات ہو سکتے ہیں اور ان ہی کو کہا گیا ہے کہ کوئی معجزہ اب ان کے سامنے پیش نہ کیا جائے گا اس بنا پر کہ اتنے معجزات پیش ہوئے اور بعض اب بھی سامنے موجود ہیں مگر یہ لوگ ان کو تسلیم نہیں کرتے تو اب کوئی معجزہ ان کے سامنے پیش کیے جانے سے کیا فائدہ ہے؟

حضرت عیسیٰ کے معجزات تو بقول معترض انجیل میں اکثر ہیں مگر اس کے باوجود جب عیسیٰ سے معجزہ طلب کیا گیا تو انجیل بتلاتی ہے کہ عیسیٰ نے اسی "کوئی" کی لفظ کے ساتھ انکار کیا۔

ملاحظہ ہو انجیل متی ب ۱۲ فقرہ ۳۸ تا ۴۰

"بعض فقیہوں اور فریسیوں نے اس سے کہا اے استاد ہم تجھ سے ایک نشان

www.kitabmart.in

دیکھنا چاہتے ہیں۔ اُس نے جواب دے کر اُن سے کہا کہ اس زمانہ کے بُرے اور زناکار لوگ نشان طلب کرتے ہیں مگر یونس نبی کے نشان کے سوا کوئی اور نشان ان کو نہ دیا جائے گا کیونکہ جیسے یونس تین رات دن مچھلی کے پیٹ میں رہا ویسے ہی ابن آدم تین رات دن زمین کے اندر رہے گا"

پھر ب ۱۶ فقرہ ۱ تا ۴

"فریسیوں اور صدوقیوں نے پاس آکر آزمانے کے لیے اس سے درخواست کی کہ ہمیں کوئی آسمانی نشان دکھا۔ اس نے جواب میں اُن سے کہا کہ شام کو تم کہتے ہو کہ کھلا رہے گا کیونکہ آسمان لال ہے اور صبح کو یہ کہ آج آندھی چلے گی کیونکہ آسمان لال اور دھندلا ہے۔ تم آسمان کی صورت میں تو تمیز کرنی جانتے ہو مگر زمانوں کی علامتوں میں تمیز نہیں کر سکتے؟ اس زمانہ کے بُرے اور زناکار لوگ نشان طلب کرتے ہیں مگر یونس کے نشان کے سوا کوئی اور نشان انکو نہ دیا جائیگا اور وہ انھیں چھوڑ کے چلا گیا"

انجیل مرقس ب ۸ فقرہ ۱۱ و ۱۲

"پھر فریسی نکل کر اُس سے بحث کرنے لگے اور اُسے آزمانے کے لیے اُس سے کوئی آسمانی نشان طلب کیا۔ اُس نے اپنی روح میں آہ کھینچ کر کہا اس زمانے کے لوگ کیوں نشان طلب کرتے ہیں میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ اس زمانہ کے لوگوں کو کوئی نشان نہ دیا جائے گا"

www.kitabmart.in

انجیل لوقا باب ۱۱ فقرہ ۲۹

"جب بڑی بھیڑ جمع ہوتی جاتی تھی تو وہ کہنے لگا کہ اس زمانے کے لوگ برے ہیں وہ نشان طلب کرتے ہیں مگر یونس کے نشان کے سوا کوئی اور نشان انکو نہ دیا جائیگا"

پھر جس طرح عیسیٰ کا "کوئی" کی لفظ کے ساتھ نشانی کا انکار کرنا مختلف موقعوں پر اُن کی معجز نمائی کے خلاف نہیں ہے۔ اُسی طرح حضرت محمد مصطفےٰ کا آزمائش کرنے والوں کے جواب میں یہ کہنا کہ "کوئی معجزہ ان کو نہ دکھایا جائے گا" اس امر کی دلیل نہیں ہوسکتا کہ آپ کے لیے بجائے خود معجزات پائے ہی نہ جاتے تھے

پھر جس طرح حضرت نے بار بار یہ فرمایا ہے کہ میں خود کچھ تھوڑی کر سکتا ہوں۔ جو کچھ کرتا ہے وہ خدا کرتا ہے۔ ایسا ہی عیسیٰ کا قول تھا۔

ملاحظہ ہو انجیل یوحنا باب ۵ فقرہ ۳۰

"میں اپنے آپ کچھ نہیں کر سکتا۔"

فقرہ ۳۲ "اگر میں خود اپنی گواہی دوں تو میری گواہی سچی نہیں۔ ایک اور ہے جو میری گواہی دیتا ہے۔"

معلوم ہوا کہ ہٹ دھرمی کرنے والوں کے جواب میں انبیائے خدا کو یہی کہنا ہی پڑتا تھا جو قرآن مجید کے آیات میں پیغمبر خدا کی زبانی الفاظ مذکور ہیں اُن سے یہ کسی طرح نتیجہ نہیں نکلتا کہ آپ کا دعوائے رسالت بینات اور معجزات سے خالی تھا۔ یہ علاوہ اس قرآن کے ہے جو خود ہزاروں معجزوں پر مشتمل ایک

www.kitabmart.in

معجزہ ہے۔ خدا کا کلام ہر ایک ضروری نہیں کہ دلیل نبوت بنا کر بطور اعجاز نازل کیا جائے۔

یہ کہنا کہ فصاحت و بلاغت کے اعتبار سے معجزہ ہے تو خدا کا کوئی کلام فصاحت و بلاغت سے خالی نہیں مانا جا سکتا سب معجزہ ہیں" ایسا ہے کہ جیسے یوسف کے غیر معمولی حسن کو سن کے کوئی کہے کہ سب آدمی خدا کے بنائے ہوئے ہیں خدا کا کوئی مخلوق حسن سے خالی نہیں مانا جا سکتا۔ اس لیے سب حسین ہیں۔ یا لحن داؤدی کا حال سن کر کوئی کہے کہ سب گلے خدا کے پیدا کردہ اور آوازیں اس کی مخلوق ہیں اس لیے سب ہی دلکش ہیں یا حضرت علی کی شجاعت کو سنکر کوئی کہے کہ سب بندے اللہ کے ہیں اور اللہ کا کوئی بندہ شجاعت سے خالی نہیں ہو سکتا اس لیے سب ہی دلیر شجاع ہیں لیکن اگر سب صورتیں خدا کی بنائی ہوئی ہیں پھر بھی یوسف کا حسن غیر معمولی ہو سکتا ہے سب آوازیں اللہ کی مخلوق ہیں پھر بھی لحن داؤدی کو امتیاز ہو سکتا ہے سب بندے اللہ کے ہیں پھر بھی حضرت علی کی شجاعت خاص خصوصیت کی حامل ہو سکتی ہے تو خدا کا ہر کلام فصیح و بلیغ ہوگا مگر قرآن درجۂ فصاحت میں حد اعجاز پر ہو سکتا ہے اور ہے۔

دائم و قائم ہونے کی ضرورت اس کتاب میں ہے جس پر اس امت کو عمل کرنا ہو۔ وہ قرآن ہے۔ گزشتہ کتابوں پر صرف ایمان ضروری ہے کہ وہ اللہ کی طرف سے نازل ہوئی تھیں۔ اس ایمان کے لیے فعلاً موجود ہونے کی ضرورت نہیں ہے اسی لیے دائم و قائم

www.kitabmart.in

ہونا بھی نہیں ثابت بلکہ قرآن کریم سے گزشتہ کتابوں کا محرف ہونا ثابت ہے۔

یہ بھی غلط ہے کہ مسلمانوں سے زیادہ تعداد میں ان کے ماننے والے صحن عالم میں چل پھر رہے ہیں مذاہب عالم کی مردم شماری بتلاتی ہے کہ اس وقت قرآن کو عملی طور پر ماننے والوں سے زیادہ کسی کتاب کو واجب العمل سمجھنے والے پردہ دنیا پر موجود نہیں ہیں

جس آیت کو معجزہ شکن بتلایا جا رہا ہے اس سے صرف یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ رسول کی ذاتی طاقت یا خواہش سے معجزہ کا تعلق نہیں ہے بلکہ خدا کی قوت قاہرہ سے ہے۔ اس کا کس کو انکار ہو سکتا ہے۔ مگر دوسری ۲۸ بلکہ نقشہ معجزات کی آیتیں ملا کر ۲۲ آیتوں سے یہ ثابت ہے کہ اللہ نے اپنے رسول کو آیات وبینات دے کر مبعوث فرمایا تھا۔ یہ تمام آیتیں معجزہ کے لیے کفر شکن ہیں اگر انسان انصاف سے کام لے اور ایمان اختیار کرنا چاہتا ہو۔

اقتربت الساعۃ کے ساتھ وانشق القمر کی لفظ کسی قرآن میں نہیں ہے (شق القمر) مرکب اسم قرآن میں کہیں موجود نہیں تاکہ اردو کے ترجمہ میں اُسے بجنسہ رکھ کر یہ مطلب نکالا جائے کہ قیامت قریب آگئی اور قمر شق ہوا شین قاف زبر شق اور قاف لام پیش قُل کے ہجے کے ساتھ شق القمر مضاف مضاف الیہ ہے جس کے معنی ہیں قمر شق ہونا اور قرآن میں ہے الف ن زیر انِ شین قاف زبر شق انشَقَّ اور قاف لام زبر قَل اس ہجے کے ساتھ انشق القمر یہ فعل فاعل کی ترکیب ہے جس کے معنی ہوئے "قمر شق ہوا"

www.kitabmart.in

اتنی سی عربی دانی کے لغیر بھی قرآن فہمی کا دعویٰ کیا مضحکہ خیز نہیں ہے؟

جب یہ مان لیا گیا کہ شق ہوا قمر تو پیغمبر کے سوا کس کے لیے ہوا؟ کیا کوئی اور روایت بھی اس بارے میں ہے؟ پیغمبر کی زبانی کافروں کے سامنے مقام استدلال میں پیش کیا جا رہا ہے۔ اس کو "آیت" یعنی معجزہ بتلایا جا رہا ہے اور کہا جاتا ہے کہ اس آیت کے باوجود بھی یہ روگردانی کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ زبردست جادو ہے مگر معترض کی یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ یہ شق القمر آپ نے دکھایا۔ انگشت مبارک کے اشارے سے ہوا ہو یا کسی اور ترکیب سے بہرحال آپ کے لیے شق القمر ہونا معجزہ ہے اور اس سے بالاتر کہ جیسے ابراہیم، داؤد، موسیٰ، عیسیٰ کو معجزات عطا ہوئے تھے۔

"رسوم و قیود" میں کہا گیا ہے کہ "ہمارے عام نظام زندگی میں" مگر کون کہتا ہے کہ معجزات انبیاء کا تعلق عام نظام زندگی سے ہوتا ہے۔ وہ عام نظام سے مستثنیٰ خصوصی چیزیں ہوتی ہیں جب ہی تو دلیل نبوت بنتی ہیں۔

مشاہدوں سے مراد اگر خاص ہمارا مشاہدہ ہے تو یقیناً لاکھوں حقیقتیں ہیں جو ثابت ہیں مگر ہمارے مشاہدہ سے باہر ہیں اور اگر کسی دور کے انسانوں کا مشاہدہ تو معجزات بھی اسکے اندر داخل ہیں۔ جس وقت واقع ہوئے اس وقت کے انسانوں نے مشاہدہ کیا آج والوں نے نہیں دیکھا نہ سہی۔

اس کے علاوہ اگر اصول یہ ہے تو سب ہی انبیاء کے معجزے افسانہ ہیں۔ پھر موسیٰ و عیسیٰ کے معجزات پر زور دینے کی مخصوص خاتم الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰ کے معجزات کا انکار کیا ہوا ہے

www.kitabmart.in

سوال (۱۴)

آیۂ مودت

قل لا اسئلکم علیہ اجرا الا المودۃ فی القربیٰ

کہدو نہیں چاہتا اس پر صلہ لیکن محبت اپنے اقربا میں۔

قرآن کے شیعی ترجموں میں اس آیت کے معنی یوں بتائے جاتے ہیں کہدو (تبلیغ رسالت کا) اپنے قرابتداروں (اہلبیت) کی محبت کے سوا کوئی صلہ نہیں مانگتا۔

مگر قرآن کے لفظی معنی خصوصاً لفظ (فی) سے واضح ہے کہ اپنے عزیزوں (میں) محبت رکھو یعنی قرآن میں خدا رسول سے فرماتا ہے کہ مومنین اور صالحین سے کہدو کہ ان بے شمار نعمتوں کا صلہ نہیں مانگتا مگر باہم اقربا میں محبت۔

شیعی معنی رسول کو خود غرضی سے متہم کرتے ہیں اور لفظی معنی خود غرضی سے پاک نہایت بلند اور تمام اہل ایمان کے لیے قابل عمل اور بہترین ہدایت ہیں جس کی تائید میں آیت ۹۱ سورۂ انعام پ۷ ملاحظہ ہو یہ سارے جہان کیلئے نصیحت ہے پھر رسول کی رسالت کا تو کوئی اجر بھی نہیں ہو سکتا کیونکہ رسالت ان کا منصبی فرض ہے جس کا بجالانا اُن پر واجب ہے۔

الجواب

"باہم" کے لیے عربی میں "بین" کی لفظ آتی ہے۔ فی کی لفظ نہیں آتی

www.kitabmart.in

فی القربیٰ کے معنی ہیں وہ محبت جو قرابت کے بارے میں ہو۔ اب یہ قرابت کس کی؟ رسول کی یا خود اُن لوگوں کی۔ اس سے سمجھ لیجیے کہ ہر ایک شخص کے قرابتداروں کا مومن و صالح ہونا ضروری نہیں اور درصورتیکہ وہ مومن و صالح نہ ہوں اُن سے عملی طور پر قطع محبت ضروری ہے چہ جائیکہ اُن کی محبت اجر رسالت ہو۔

خود پیغمبر پر ایمان اگر سب لے آتے تو آپ کی ذات کا کیا فائدہ تھا جو آپ کے اہلبیت سے محبت کرنے سے آپ کا کوئی فائدہ ہوگا۔

اُس سے بھی مقصد خلق خدا کی ہدایت تھا اور اس سے بھی مقصد یہی اس لیے کہ قرابتداروں سے مراد وہی ہستیاں ہیں جو پیغمبر کے بعد صحیح تعلیمات اسلامی کا حقیقی مجسمہ تھیں۔ ان کی محبت اور پیروی خلق خدا کے لیے سرمایۂ ہدایت تھی اس لیے آیت ۹۱ سورۂ انعام بھی اسی کی موید ہے۔ رسول کی رسالت کا اجر اگر اپنے قرابتداروں کی محبت قرار پاسکتی ہے تو رسول کے قرابتداروں کی محبت بھی ہوسکتی ہے حقیقت میں "اجر" کے نام سے ایک فرض کی تکمیل کرانا ہے۔ اجر ہی سمجھ کے اگر امت اس کو انجام دے دے تو پیغمبر کی محنت سوارت ہو جائے

سوال (۱۳)

(اولی الامر)

ہم اپنی تمام عمر سنتے آئے ہیں کہ اولی الامر سے مراد ہمارے ائمہ ہیں۔ مگر

www.kitabmart.in

قرآن سے واضح ہوا کہ یہ لفظ اماموں سے منسوب کرنا مناسب نہیں ہے ان کی شایان شان نہیں ہے۔ کیونکہ اس آیت میں یہ شرط ہے کہ صاحبان حکومت جو تم میں سے ہوں، اگر کسی بات میں اختلاف ہو تو خدا و رسول کے حکم کی طرف پھیرو اگر ایمان ہے خدا اور آخرت پر اسی میں خیر ہے۔

ایسے صاحبان حکومت جن سے بحالت اختلاف یا تنازعہ رد گردانی کا حکم ہے ہمارے ائمہ ہرگز نہیں ہو سکتے۔ یہ تو حکام غیر مذہب یا عمال بد اعمال ہی ہو سکتے ہیں

(الجواب)

صاحبان حکومت میں اختلاف کا کوئی تذکرہ نہیں، نہ اُن سے رد گردانی کا حکم ہے بلکہ اولی الامر کی طرف رجوع کا حکم دیا ہے لیکن اگر اولوالامر کی تعیین ہی میں اختلاف ہو تو کیا کیا جائے اسکے لیے اللہ اور رسول کی طرف رجوع کو واجب کیا گیا ہے اس میں نہ کوئی شان ائمہ کے لیے نامناسب بات ہے نہ غیر شایان

سوال (۱۴)

(اہلبیت)

یہ لفظ مذکر ہے جس کے معنی ہیں گھر کے لوگ۔ اہل خانہ جو بالعموم زوجہ کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

ہمارے علماء لفظ اہلبیت کو تطہیر کی لائق سے علی و فاطمہ و حسنین کیلئے مختص فرماتے ہیں اور اُس کا نام آیۂ تطہیر رکھا ہے۔ گھر میں بجلی بھی رہو بنا و سنگار

www.kitabmart.in

نہ دکھائی پھر دے۔ یہ الفاظ (مردوں) علی و حسین کے لیے ہرگز زیبا نہیں ہیں
اس آیت کے اول و آخر آیتوں میں ۲۸ تا ۳۴ صاف صاف ان حضرت
کے ازواج ہی کے لیے بدلنا چلن پر تنبیہ ہے جو فاطمہ کے لیے موزوں نہیں ہے
فاطمہ اور حسنین اگر اہلبیت ہیں تو علی کے ہیں اور آل رسول ہیں آنحضرت
کے اہلبیت تو ان کے ازواج ہی ہو سکتے ہیں۔

الجواب

عربی زبان کو اردو پر قیاس کرنا کوتاہ نظری ہے اہل البیت عربی
میں زوجہ کے لیے مخصوص نہیں ہے۔

خود معترض نے اپنی پہلی کتاب "آئینہ حقیقت" میں لکھا ہے کہ قرآن
کی ترتیب میں بنی امیہ کا سلیقہ نمایاں ہے۔ ہم نے بھی "عقل و مذہب" میں
ترتیب کو خلاف تنزیل تسلیم کیا ہے۔ پھر جبکہ یہ بات متفقہ طور پر طے
پا گئی تو یہاں پر آیت کے اول و آخر حصوں کو ایک کڑی میں منسلک کر کے
کیوں طبع آزمائی کی جاتی ہے

بیت کے معنی "گھر" بھی ہیں اور "گھرانا" بھی۔ گھرانا ہمیشہ
خاندان ہی کی طرف منسوب ہوتا ہے۔ فاطمہ اور حسنین اہلبیت علی ہیں اور
یہ حضرات تمام مع حضرت علی اہلبیت رسول بھی ہیں۔

ازواج تو دوسرے گھرانوں کی تھیں وہ خاندان رسول کا جزو

www.kitabmart.in

نہیں سمجھی جا سکتیں۔

سوال (۱۵)

(شرک)

یدعون من دون اللہ خدا کے سوا فریادرس سفارشی۔ سرپرست بنانے کی قرآن میں ۲۲ جگہ ممانعت ہے شیعہ اپنے ائمہ طاہرین کو امام مانتے ہیں مانیں مگر فریادرس، حاجت روا، مجیب الدعوات بنانا شرک ہے۔

اس کے علاوہ سفارش سے معافی دنیا، یا جزا، سزا میں کمی بیشی کرنا عدل خداوندی سے بھی بعید ہے۔ حکام زمانہ بھی سفارش پر فیصلہ کرتے ہیں تو بدنام ہو جاتے ہیں۔

یا دگاروں کے روبرو مصیبت کے موقع پر اظہار مدعا میں وہ مقدس ذاتیں پکاری جاتی ہیں جو شرک کے مٹانے میں اپنی ہستیاں تک مٹا چکے ہیں ندا کے الفاظ، ادا کے انداز بتاتے ہیں کہ قادر، حاضر، سمیع و بصیر ہونے کی قوت اُن میں مان رکھی ہے۔

(الجواب)

یدعون من دون اللہ کا مطلب صرف یہ ہے کہ معبود مان کر کسی دوسرے سے دعا کرنا جیسے بت پرست بتوں سے التجا کرتے ہیں

www.kitabmart.in

لیکن جس طور سے خدائے تعالیٰ نے اس دنیا کو عالم اسباب بنایا ہے۔ مرض کے دفعیہ کے لیے دوا تلاش کی جاتی ہے۔ راستہ طے کرنے کے لیے سواری ڈھونڈھی جاتی ہے پیاس بجھنے کے لیے پانی کی جستجو ہوتی ہے۔ فاقہ میں زندگی کے بچانے کو غذا طلب کی جاتی ہے۔ کوئی گرنے لگتا ہے پکارتا ہے کہ مجھے سنبھالو۔ قدم پھسلتا ہے تو کہتا ہے میرا ہاتھ تھام لو۔ عدالت میں مقدمہ ہے تو وکیل کی پیروی، حاکم سے استغاثہ، حاکم اعلیٰ سے اپیل۔ جان بخشی کے لیے بادشاہ سے درخواست ترحم بلکہ اپنے روزمرہ کے ضروریات زندگی میں بیوی بچوں بلکہ نوکروں تک سے استمداد اس سب میں یہ قانون جاری ہے کہ ان میں سے کسی ایک کو بھی انسان سبب مستقل سمجھ لے، یہ عقیدہ قائم کرلے کہ خدا کا دخل نہیں۔ یہی چیز مطلب برآری کے لیے کافی ہے تو وہی شرک ٹھہر جائے۔

اور اگر یہ سمجھتا ہے کہ اللہ نے یہ ظاہری اسباب کا نظام مقرر کیا ہے اسلیئے یہ چیزیں اپنے دائرہ میں کارآمد ہوسکتی ہیں مگر خدا کی طاقت سب سے مافوق ہے۔ وہ نہ چاہے تو کچھ بھی نہیں ہوسکتا، اس عقیدہ کو رکھ کر جسے بھی پکارے وہ شرک میں داخل نہیں ہے۔

اسلام اور شرک کا تعلق عقیدہ سے ہے، الفاظ بنیاد شرک نہیں ہوسکتے جب تک کہ وہ اس عقیدہ کے تحت میں نہ ہوں۔

مستغیث کا حاکم سے کہنا کہ "آپ کے رحم کا ملتجی ہوں"

www.kitabmart.in

"آپ میرا کام بنا دیجئے"، "آپ میری جان بچائیے" اس سب کے ساتھ یہ خیال ہو کہ خدا کی طاقت سب سے بالاتر ہے مگر اسی کے مقرر کردہ نظام اسباب کے اندر آپ کا اختیار ہے تو شرک نہیں ہے اور جو یہ سمجھ لیا کہ خدا کی مشیت کی ضرورت نہ رہی تو وہی شرک ہو جائے گا۔ تمام ۲۲ آیتوں میں جو ہر جگہ "خدا کے سوا"، "خدا کے ہوتے"، "خدا کے علاوہ" کی طرح کے معنی والے الفاظ ہیں اُن سے مقصد یہی ہے کہ خدا سے بے نیاز ہو کر دوسروں کو نہ پکارا جائے۔ خدا کو اصل سرپرست جان کر اُس کی سرپرستی کے ماتحت سرپرست ماننا بھی شرک نہیں ہے۔

اگر یہ معنی قرار دیے جائیں کہ بہر صورت کسی کی طرف مدد کی نسبت دینا کسی کو معاون کہنا یا کسی سے امداد طلب کرنا یا کسی کو پکارنا یا کسی کو سرپرست جاننا یا کسی سے سفارش چاہنا اور کسی کو سفارشی سمجھنا شرک ہے تو اس معنی کے خلاف خود قرآن کی حسب ذیل (۳۴) آیتیں موجود ہیں۔

نمبر	پارہ	سورہ	آیت	مضمون
۱	۳	بقرہ	۲۵۵	جو اللہ سے سفارش کرے، اللہ کی اجازت درکار ہے
۲	۳	آل عمران	۵۲	عیسیٰ نے کہا کون میرے مددگار ہیں۔ حواریوں

www.kitabmart.in

نمبر	پارہ	سورہ	آیت	مضمون
				نے کہا ہم مدد کے لیے تیار ہیں۔
۳	۳	آل عمران	۸۱	پیغمبروں سے اقرار لیا گیا کہ جب تمھارے پاس رسول آئے تصدیق کرنے والا تمھاری کتاب کی تو اُس کی مدد کرنا
۴	۵	نساء	۶۴	نافرمان لوگ رسول کے پاس آئیں اور رسول اُن کے لیے خدا سے مغفرت کی سفارش کرے تو خدا ان کے گناہوں کو بخش دے گا۔
۵	۵	نساء	۱۴۴	مومنوں کو چھوڑ کر کافروں کو اپنا سرپرست نہ بناؤ
۶	۶	مائدہ	۲	نیکی اور پرہیزگاری میں ایک دوسرے کی مدد کیا کرو۔
۷	〃	〃	۱۲	ہمارے پیغمبروں پر ایمان لاؤ اور ان کی مدد کرتے رہو
۸	〃	〃	۵۵	تمھارا سرپرست بس اللہ ہے اور اُس کا رسول اور وہ مومنین جو پابندی سے نماز ادا کرتے ہیں اور حالت رکوع میں زکوٰۃ دیتے ہیں۔
۹	〃	〃	۵۶	جس نے خدا اور رسول اور ایمانداروں کو اپنا

www.kitabmart.in

نمبر	پارہ	سورہ	آیت	مضمون
				سرپرست بنایا تو خدا کے لشکر میں آگیا۔
۱۰	۹	اعراف	۱۵۷	جن لوگوں نے اس نبی کی مدد کی یہی لوگ اپنی دلمرادیں پائیں گے۔
۱۱	۱۰	انفال	۷۲	جن لوگوں نے ایمان قبول کیا اور ہجرت اور جہاد کیا اور جنھوں نے مہاجرین کو پناہ دی اور اُن کی مدد کی یہی لوگ ایک دوسرے کے سرپرست ہیں اور جن لوگوں نے ایمان تو قبول کیا اور ہجرت نہیں کی تو تم لوگوں کو اُن کی سرپرستی سے کچھ سروکار نہیں یہاں تک کہ وہ ہجرت اختیار کریں ہاں اگر دین امر میں تم سے مدد کے خواہاں ہوں تو تم پہ مدد کرنا لازم ہے۔
۱۲	۱۰	توبہ	۵۹	اچھا تھا اگر یہ راضی ہوتے اس پہ کہ جو خدا نے اور اُسکے رسول نے ان کو عطا فرمایا تھا اور کہتے کہ ہمیں دولت نہیں تو عنقریب خدا اپنے فضل سے اور اُس کا رسول ہم کو دے ہی گا۔
۱۳	〃	〃	۷۴	اپنے فضل و کرم سے خدا نے اور اُسکے رسول نے ان کو

www.kitabmart.in

نمبر	پارہ	سورہ	آیت	مضمون
				دولتمند بنا دیا ہے۔
۱۴	۱۱	توبہ	۱۰۳	(اے رسول) ان کے واسطے دعائے خیر کرو کیونکہ تمھاری دعا ان لوگوں کے حق میں اطمینان کا باعث ہے
۱۵	۱۵	بنی اسرائیل	۲۴	اپنے ماں باپ کے لیے خدا سے سفارش کرو کہ اے میرے پالنے والے جس طرح ان دونوں نے میرے بچپنے میں میری پرورش کی ہے اسی طرح تو بھی ان پر رحم فرما۔
۱۶	۱۶	کہف	۹۵	ذوالقرنین نے کہا کہ مجھے قوت سے مدد دو تو میں تمھارے اور اُن کے درمیان ایک روک بنا دوں۔
۱۷	۱۶	مریم	۸۸	سفارش پر وہی قادر ہوگا جس نے خدا سے سفارش کا اقرار لے لیا ہو
۱۸	〃	طٰہٰ	۱۰۹	سفارش وہی کرے گا جس کو خدا نے اجازت دی ہو اور جس کا بولنا پسند کرے۔
۱۹	۱۷	انبیاء	۲۸	یہ لوگ اس شخص کے سوا جس سے خدا راضی ہو کسی کی سفارش نہیں کرتے۔
۲۰	۱۸	نور	۶۲	(اے رسول) جب یہ لوگ اپنے کسی کام کے لیے تم سے

www.kitabmart.in

نمبر	پارہ	سورہ	آیت	مضمون
				اجازت مانگیں تو تم انمیں سے جس کو چاہو اجازت دے دیا کرو اور خدا سے اسکی بخشش کی دعا بھی کرو۔
۲۱	۲۲	احزاب	۳۷	اللہ نے اسکو نعمت عطا کی اور تم نے (اے رسول) اس کو (آزاد کر کے) نعمت عطا کی
۲۲	〃	〃	۴۳	وہ تم پر رحمت بھیجتا ہے اور اسکے ملائکہ رحمت کی سفارش کرتے ہیں۔
۲۳	〃	〃	۵۶	خدا اور اسکے ملائکہ نبی پر رحمت بھیجتے ہیں۔
۲۴	〃	سبا	۲۳	جس شخص کیلئے وہ خود اجازت عطا فرمائے اس کے سوا کسی کی سفارش اسکی بارگاہ میں کام نہ آئے گی۔
۲۵	۲۴	مومن	۷ تا ۹	جو فرشتے عرش کو اٹھائے ہوئے ہیں اور جو اسکے گرداگرد ہیں مومنین کی سفارش کرتے ہیں کہ خداوندا ان کو بخش دے اور ان کو جہنم کے عذاب سے بچالے اور ان کو سدا بہار باغوں میں جن کا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے داخل کر اور ان کے باپ دادوں اور ان کی بیویوں اور ان کی اولاد میں سے جو اس قابل ہوں اُن کو بھی بخش دے اور ان کو ہر قسم کی برائیوں سے محفوظ رکھ۔
۲۶	۲۵	زخرف	۸۶	خدا کے سوا جن کی یہ لوگ عبادت کرتے ہیں وہ سفارش کا اختیار نہیں رکھتے مگر وہ جو سچی گواہی دیں اور حق بات جانتے ہوں۔
۲۷	۲۶	فتح	۹	خدا اور اسکے رسول پر ایمان لاؤ اور اسکی مدد کرو۔

www.kitabmart.in

نمبر	پارہ	سورہ	آیت	مضمون
۲۸	۲۷	نجم	۲۶	خدا جس کے لیے چاہے اجازت دے اور پسند کرے اسکے لیے شفاعت کر سکتے ہیں۔
۲۹	〃	حدید	۲۷	خدا اور اُس کے رسولوں کی کون مدد کرتا ہے
۳۰	۲۸	حشر	۸	خدا اور اُسکے رسول کی مدد کرتے ہیں۔
۳۱	〃	ممتحنہ	۱۲	جو ایماندار عورتیں بیعت کیلئے آئیں اُن سے بیعت لے لو اور خدا سے ان کی بخشش کے لیے سفارش کرو۔
۳۲	۲۸	صف	۱۴	عیسٰی نے حواریوں سے کہا کہ میرے مددگار کون لوگ ہیں۔
۳۳	〃	منافقون	۵	جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ آؤ رسول اللہ تمھاری بخشش کیلئے سفارش کریں تو وہ لوگ اپنے سر پھیر لیتے ہیں
۳۴	۲۸	تحریم	۴	خدا اور جبرئیل اور تمام ایمانداروں میں نیک شخص اُن کے مددگار ہیں اور اُن کے علاوہ کل فرشتے مددگار ہیں۔

ان میں سے نمبر ۲ نمبر ۳ نمبر ۶ نمبر ۷ نمبر ۱۰ نمبر ۱۱ نمبر ۱۶ نمبر ۲۷ نمبر ۲۹ نمبر ۳۰ نمبر ۳۲ اور نمبر ۳۴ بارہ آیتیں مدد کی نسبت غیر خدا کی طرف دینے معاون کہنے یا کسی سے امداد طلب کرنے پر مشتمل ہیں ع۱۲ اور ع۱۳ اور ع۲۱ میں خدا کے ساتھ رسول کی جانا عطا کرنے اور دولتمند بنانے کی نسبت موجود ہے حالانکہ اصلی دینے والا اور دولتمند بنانے والا خدا ہی ہے مگر وسیلہ ہونے کے اعتبار سے رسول کی طرف بھی نسبت دی گئی ہے تو پھر اگر کوئی مومن نبی یا امام سے مخاطب ہو کر یوں دعا مانگے کہ مجھے یہ چیز عطا فرمائیے جبکہ عقیدہ اُس کا یہی ہو کہ اصلی دینے والا خدا ہے تو یہ الفاظ شرک کیوں ہوں گے؟

www.kitabmart.in

۵ ۸ ۹ ۱۱ میں خدا کی سرپرستی کے ماتحت غیر خدا پر سرپرست کا اطلاق ہوا ہے ۱ ۱۴ ۱۸ ۱۹ ۲۴ ۲۶ ۲۸ میں اجمالی طور پر خدا کے یہاں مومنین کے لیے سفارش کرنے والوں کا وجود، ۲۲ ۲۳ ۲۵ سے ملائکہ کے لیے اور ۴ ۱۴ ۲۰ ۳۱ اور ۳۳ سے رسولخدا کے لیے سفارش کا منصب اور ۱۵ سے تمام مومنین کو بھی ایک مخصوص حد تک سفارش کا حق ثابت ہوتا ہے۔

یہ سفارش بھی ایک طرح کی دعا ہے۔ اگر کسی اور معاملہ میں دعا کا قبول ہونا خدا کے عدل و حکمت کے خلاف نہیں ہے تو یہاں بھی نہیں ہے سفارش سے معافی ہونا بھی گناہ کے مواخذہ کا ایک درجہ ہے۔ اس لیے عدل کے خلاف نہیں ہے۔

کوئی گناہ ایسا ہوتا ہے جسے خود رحم و کرم الٰہی نظر انداز کر دے کوئی ایسا جو خود معافی مانگ لینے سے معاف ہو جائے اور کوئی ایسا جس کے لیے کسی نبی و ولی سے توسل کی ضرورت ہو اور اُس کی سفارش کے بعد معاف ہو جائے اور کوئی گناہ ایسا ہو سکتا ہے جسے کسی طرح معاف ہی نہ ہونا چاہیئے۔

یہ وہ گناہ ہیں جن کے لیے وہ مخصوص بزرگ جنھیں شفاعت کا منصب ہے سفارش ہی نہ کریں اور اگر بالفرض سفارش کریں بھی تو اثر نہیں ہے۔

www.kitabmart.in

یہی وہ ہیں جن کے بارے میں کہا گیا ہے کہ اے رسول اگر تم ستر مرتبہ بھی سفارش کرو تو ہم اُن کو کسی طرح نہیں بخشیں گے۔

کوئی مسلمان اُن محترم افراد کو جنھیں حاجت روائی کے لیے پکارا جاتا ہے قادر مطلق اور ذاتی طور پر حاضر، سمیع و بصیر ہونے کے قوی کا مالک نہیں سمجھتا بلکہ ان حضرات کے ان تمام کمالات کو خداوند عالم کا عطا کردہ مانا جاتا ہے اس لیے وہ شرک کے دائرہ میں کسی طرح داخل نہیں ہو سکتا بلکہ ان حضرات کے لیے تمام کمالات یا مظہر العجائب کی طاقتیں خداوند عالم کی قوت قاہرہ کا ایک نتیجہ سمجھنے کی وجہ سے یہ معرفت الٰہی اور توحید حقیقی کا ایک بلند معیار ہوگا جس کے قائم کرنے میں ان حضرات نے اپنی زندگی صرف کی اور اب بھی اپنی غیر معمولی روحانی طاقتوں سے خدا کی بلند قدرت کو پہچاننے میں مدد دیتے ہیں۔

وہ تمام آیتیں جن میں خدا کے سوا فریادرس۔ سفارشی۔ سرپرست بنانے کی ممانعت یا اس کی نفی ہوئی ہے وہ تمام مشرکین و کفار اور اُن کے معبودوں سے متعلق ہیں اُن کو اہل ایمان اور نیک بندوں پر منطبق کرنا کسی طرح درست نہیں ہے۔

علی نقی، النقوی عفی عنہ

۲۷ صفر سنہ ۱۳۶۳ھ

(مطبوعہ سرفراز قومی پریس لکھنؤ)

www.kitabmart.in

	نام رسالہ	قیمت	خرچہ ڈاک	نمبر شمار	نام رسالہ	قیمت	خرچہ ڈاک
۵	آثار بامتیر	۲ر	۰ر	۸۲	حسین کا پیغام عالم انسانیت کے نام	۳ر	۰ر
	صحیفہ سجادیہ کی عظمت	۲ر	۰ر		گجراتی ترجمہ		
	خلافت و امامت حصہ پنجم	۸ر	۱ر	۸۳	سندھی "	۳ر	۰ر
۰	خدا کی معرفت	۱۱ر	۱½ر	۸۴	ہندی "	۲ر	۰ر
۰	شہدا کربلا حصہ سوم	۶ر	۱ر	۸۵	بنگالی "	۳ر	۰ر
۶	خلافت و امامت حصہ ششم	۱۱ر	۱½ر	۸۶	قرآت اذان نہیں اردو	۲ر	۰ر
۶۴	دی لاسٹ میسج آف حسینؑ	۳ر	۰ر	۸۷	اقوام عالم میں عورت کا معیار	۶ر	۱ر
۶۹	ہمارے رسوم و قیود	۳ر	۰ر	۸۸	نظام زندگی حصہ چہارم	۷ر	۱½ر
۶	شیعوں کی تازہ زندگی	۲ر	۰ر	۸۹	جبر و اختیار قسط دوم	۲ر	۰ر
۶	صحیفۂ اعمال مترجم	۴ر	۰½ر	۹۰	مسئلہ دعا	۲ر	۰ر
۶	مذہب شیعہ اور تبلیغ	۲ر	۰ر	۹۱	صلح اور جنگ	۴ر	۰ر
۷	اسیری اہل حرم	۳ر	۰ر	۹۲	اثبات حجت	۳ر	۰ر
۷	دی مشن آف حسین انگریزی	۲ر	۰ر	۹۳	شیعہ علم کلام کی برتری	۲ر	۰ر
۷	نظام زندگی حصہ اول	۶ر	۱ر	۹۴	مذہب و سیاست	۴ر	۰ر
۷	" حصہ دوم	۷ر	۱ر	۹۵	عہد مامون اور امام رضاؑ	۶ر	۰ر
۷	حقیقت اسلام	۲ر	۰ر	۹۶	مسائل و دلائل	۱۱ر	۱ر
۷	مظلوم کربلا	۳ر	۰ر				
۷	دی مارٹر آف کربلا انگریزی	۱۰ر	۰ر				
۷	تناسخ پر مختصر بحث	۳ر	۰ر				
۷	نظام زندگی حصہ سوم	۹ر	۱ر				
۷	حیات قومی	۲ر	۰ر				
۸	جبر و اختیار	۲ر	۰ر				
۸	مذہب اور عقل	۱۲ر	۱½ر				

حضرات!

لکھنؤ میں ملنے والی ہر علمی، ادبی، اخلاقی دینی کتاب مشن کے ذریعہ سے طلب فرمائیں۔ منیجر

www.kitabmart.in

فہرست امامیہ مشن بک ایجنسی لکھنؤ

نمبر شمار	نام کتاب	قیمت	خرچہ ڈاک	نمبر شمار	نام کتاب	قیمت	خرچہ ڈاک
۱	کائنات قبل از اسلام	۲ر	۰ر	۱۷	ہمارے نبیؐ	۱ر	۰ر
۲	قاتلان حسینؑ کی گرفتاری	۱۲ر	۲ر	۱۸	ہدایت الاطفال	۱ر	۰ر
۳	حج و بیانات	عہ ر	۲ر	۱۹	ہدیہ آصفیہ	۳ر	۱ر
۴	وجیزۃ الاحکام	۴ر	۱ر	۲۰	گل عصمت	۲ر	۰ر
۵	صحیفہ تجلی	۱۲ر	۱ر	۲۱	تاریخ حسینی	عہ ر	۱ر
۶	رجال بخاری حصہ دوم	۹ر	۱ر	۲۲	ذاکری کی دوسری کتاب حصہ اول	۸ر	۱ر
۷	تاریخ ازدواج	۸ر	۰ر				
۸	الہامی کلمات	۵ر	۱ر	۲۳	مقدمہ تفسیر قرآن	عہ ر	۴ر
۹	ہمارے رسول	۲ر	۱ر	۲۴	مقدمہ فلسفہ آل محمدؐ	عہ ر	
۱۰	محافل و مجالس چہاردہ معصومین	عہ ر	۲ر	۲۵	سلسبیل فصاحت (ترجمہ نہج البلاغہ)	۳ے ر ۲ے ر للعہ ر	
۱۱	اصول اسلام کی حقیقت	۴ر	۱ر				
۱۲	ثبوت تقیہ	۱ر	۰ر	۲۶	سوانح چہاردہ معصومین ۱۴ جلدیں	للعہ ۵ ۳ر	
۱۳	ذاکری کی پہلی کتاب	۵ر	۱ر				
۱۴	حصہ دوم	۵ر	۱ر	۲۷	مجاہد اعظم	للعہ ر	
۱۵	شادی خانہ آبادی	۲ر	۰ر		علاوہ محصول		
۱۶	گاؤکشی اور مسلمان	۶ر	۱ر				

ملنے کا پتہ

سکریٹری امامیہ مشن رجسٹرڈ لکھنؤ

کتابخانہ العلوم

پبلشر

حیدر خان حسین رضوی آنریری سکریٹری

پرنٹر

سید نثار علی رضوی

(صرف ٹائیٹل پیج نظامی پریس لکھنؤ میں چھپا)